SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, April 11, 1991

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at ten of the clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحیم

ما عندکم ینفد وما عنداللّٰه باق ط ولنجزین الذین صبروآ اجرھم باحسن ما کانو یعملون o
مــن عمل صالحاً من ذکر او انثی و ھو مومن فلنحیینه حیٰوة طیبةج ولنجزینھم اجرھم
باحسن ما کانو یعملون o

ترجمہ : جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو خدا کے
پاس ہے وہ باقی ہے (کہ کبھی ختم نہیں ہو گا) اور جن لوگوں نے صبر
کیا ہم ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے - جو شخص
نیک اعمال کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی ہو گا تو ہم
اس کو (دنیا میں) پاک (اور آرام کی) زندگی سے زندہ رکھیں گے اور
(آخرت میں) ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے -

(سورہ النحل)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, April 11, 1991

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at ten of the clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ما عندکم ینفد وما عنداللہ باق ط ولنجزین الذین صبروآ اجرھم باحسن ما کانو یعملون o
مـــن عمل صالحاً من ذکر او انثی و ھو مومن فلنحیینہ حیٰوۃ طیبۃ ج ولنجزینھم اجرھم
باحسن ما کانو یعملون o

ترجمہ : جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو خدا کے پاس ہے وہ باقی ہے (کہ کبھی ختم نہیں ہو گا) اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے - جو شخص نیک اعمال کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی ہو گا تو ہم اس کو (دنیا میں) پاک (اور آرام کی) زندگی سے زندہ رکھیں گے اور (آخرت میں) ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے -

(سورہ النحل)

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Mr. Muhammad Ali Khan on point of order.

Mr. Muhammad Ali Khan: Sir, out of the entire cabinet, only one Minister is present and there are questions pertaining to various Ministries. Is he prepared to answer these questions?

جناب چیئرمین : سرتاج عزیز صاحب کا ایک سوال ہے وہ موجود نہیں ہیں ۔

جناب محمد علی خان : جناب غلام مرتضیٰ صاحب کا ایک ہے He is not here. ایک لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک صاحب کا ہے He is not here.It is really bad, Sir.

جناب چیئرمین : چوہدری شجاعت حسین صاحب ، یہ وزراء کی طرف سے کچھ اچھا رویہ نظر نہیں آ رہا آج وہ سب غیر حاضر ہیں ۔

چوہدری شجاعت حسین : وہ جناب اسمبلی میں مصروف ہیں ابھی آ جاتے ہیں یہ کتابیں ان کی پڑی ہوئی ہیں ۔

جناب چیئرمین : یہ کتابیں تو میرے خیال میں چوہدری امیر حسین کی لگتی ہیں لیکن سوالات کے جوابات کون دے گا ۔

چوہدری شجاعت حسین : میرا خیال ہے کہ ان کو پتہ نہیں ہو گا کہ دس بجے سینٹ کا اجلاس ہے وہ اس وقت نیشنل اسمبلی میں ہیں تھوڑی دیر بعد آ جائیں گے ویسے آپ میرا سوال پہلے لیں ۔

جناب چیئرمین : آپ کا سوال پوچھنے والا بھی غیر حاضر ہے بہرحال باری باری چلتے ہیں پہلا سوال ۱۱۹ آصف وردگ صاحب ۔

SUPPLY OF ELECTRICITY

Q.119. *Mr. Asaf Fasihuddin Vardag (on his behalf): Will the Minister for Water and Power be pleased to state thenames of the persons belonging to village Korzada Chairain, District Rawalpindi, issued demand notices for providing electric connections, indicating also the number of persons who have been given electric connections in the said village so far?

Mr. Sartaj Aziz: The list indicating the names of the persons who have been issued demand notices is enclosed. Demand notices were issued to 235 persons on 30-4-1990. The position of connections is as under:

1.	Total applications.	235
2.	Connection installed upto 15-9-1990.	235
3.	Connectionspending.	NIL

LIST OF PERSONS BELONGING TO VILLAGE KURZADA MALYAR DISTRICT RAWALPINDI WHO HAVE BEEN ISSUED DEMAND NOTICES

No. 1. Masjid Ghosia.
No. 2. Masjid Usmania.
No. 3. Masjid Dhok.
No. 4. Muhammad Ashraf S/o Karam Elahi.
No. 5. Muhammad Javed S/o Jawan.
No. 6. Sarwar S/o Fazal Din.
No. 7. Amir Dad S/o Bagh Ali.
No. 8. Bunia Meen Afsar S/o Muhammad Afsar
No. 9. Barkat S/o Munga.
No. 10. Muhammad Humair S/o Fazal Karim.
No. 11. Mulazim S/o Sarwar Khan.

No. 12. Allah Ditta S/o Gulzar.

No. 13. Abdul Khaliq S/o Fazal Elahi.

No. 14. Muhammad Banaras S/o Fazal Elahi.

No. 15. Muhammad Azram S/o Muhammad Aslam.

No. 16. Sakhi Muhammad S/o Qaim Din.

No. 17. Ashraf S/o Mehboob.

No. 18. Muhammad Sadiq.

No. 19. Toor Ahmed S/o Allah Ditta.

No. 20. Allah Ditta S/o Punno.

No. 21. Ramzan S/o Farman.

No. 22. Abdul Khaliq S/o Sattar.

No. 23. Abdur Rauf S/o Suleman.

No. 24. Muhammad Riaz S/o Abdur Rehman.

No. 25. Abdul Qayum S/o Abdur Rehman.

No. 26. Muhammad Shafiq S/o Muhammad Khan.

No. 27. Muhammad Shabir S/o Allah Din.

No. 28. Ashfaq S/o Muhammad Ayub.

No. 29. Muhammad Yaqub S/o Fazal Ahmed.

No. 30. Lal Hussain S/o Allah Din.

No. 31. Taj Ali S/o Imam Ali.

No. 32. Muhammad Hanif S/o Afsar.

No. 33. Muhammad Tariq S/o Abdul Rehman.

No. 34. Zardad S/o Hukamdad.

No. 35. Mir Zaman S/o Hukamdad.

No. 36. Talib S/o Barkat.

No. 37. Ilyas S/o Barkat.

No. 38. Rafiq S/o Zaman Ali.

No. 39. Niaz Ali S/o Kala.

No. 40. Muhammad Sher S/o Lal.

No. 41. Muhammad Sher S/o Lal.

No. 42. Safia W/o Bagh Ali.

No. 43. Qamar Zaman S/o Hukamdad.

No. 44. Muhammad Jan S/o Lal Khan.
No. 45. Muhammad Javed S/o Bostan.
No. 46. Muhammad Rashid S/o Bostan.
No. 47. Ali Qadr S/o Ali Akbar.
No. 48. Makhmal Jan W/o Ali Akbar.
No. 49. Walayat S/o Lal.
No. 50. Akbar W/o Bostan Khan.
No. 51. Sultan S/o Faiz Ali.
No. 52. Pervez S/o Sultan.
No. 53. Phelvan S/o Faiz.
No. 54. Lasan S/o Bostan.
No. 55. Liaquat S/o Bagh Ali.
No. 56. Ashiq S/o Bagh Ali.
No. 57. Aurangzeb S/o Niaz Ali.
No. 58. Muhammad Fiaz S/o Ali Asghar.
No. 59. Arif S/o Rehmat Din.
No. 60. Matloob S/o Mehboob.
No. 61. Aalishan W/o Aslam.
No. 62. Taj S/o Alim Din.
No. 63. Abdul Aziz S/o Faqir Muhammad.
No. 64. Ali Muhammad S/o Muhammad Baksh.
No. 65. Rashid Ahmed S/o Abdul Rehman.
No. 66. Muhammad Hussain S/o Mian Ali.
No. 67. Iftikhar S/o Gulzar.
No. 68. Gul Bahar S/o Gulzar.
No. 69. Mehboob S/o Noor Hussain.
No. 70. Aurangzeb S/o Noor Din.
No. 71. Muhammad Hussain S/o Fazal Din.
No. 72. Abdul Jabar S/o Khuda Dad.
No. 73. Ali Qadr S/o Abdul Rehman.
No. 74. Sumandar S/o Zaman Ali.
No. 75. Ashraf S/o Zaman.

No. 76. Abdul Khaliq S/o Amir Din.

No. 77. Abdul Hameed S/o Hakeem.

No. 78. Noor Din S/o Fazal Din.

No. 79. Yasin S/o Naik Muhammad.

No. 80. Younus S/o Ali Akbar.

No. 81. Mehrban S/o Qaim.

No. 82. Irfan S/o Mehrban.

No. 83. Abdul Khaliq S/o Munga.

No. 84. Qurban S/o Fazal Karim.

No. 85. Muhammad Yousuf S/o Naik Muhammad.

No. 86. Abdul Qayyum S/o Muhammad Yousuf.

No. 87. Lal Hussain S/o Karam Din.

No. 88. Muhammad Aslam S/o Fazal Din.

No. 89. Ghulam Sarwar S/o Allah Ditta.

No. 90. Muhammad Arif S/o Karam Din.

No. 91. Abdul Aziz S/o Manga.

No. 92. Manzoor S/o Fazal.

No. 93. Abdul A: iz S/o Muhammad Afzal.

No. 94. Jahandad S/o Bahadur Khan.

No. 95. Abdul Aziz S/o Nadir.

No. 96. Azad S/o Lal.

No. 97. Fiaz S/o Lai.

No. 98. Ibrahim S/o Lal.

No. 99. Abdul Rashid S/o Abdul Hakim.

No. 100. Mst. Zeenat W/o Jaleel.

No. 101. Fazal Din S.o Qaim Din.

No. 102. Ghulam Nabi S/o Qaim Din.

No. 103. Ali Akbar S/o Bahadur Ali.

No. 104. Younus S/o Sarwar.

No. 105. Hakim S/o Allah Din.

No. 106. Ali Zaman S/o Lal Khan.

No. 107. Noor Zaman S/o Lal Khan.

No. 108. Muhammad Zahid S/o Fazal Karim.

No. 109. Fazal Hussain S/o Akhtar.

No. 110. Muhammad Shafiq S/o Akhtar.

No. 111. Afsar S/o Fazal Ahmed.

No. 112. Akram S/o Fazal Ahmed.

No. 113. Kalsum W/o Tahir.

No. 114. Maroof S/o Asghar.

No. 115. Gulbahar S/o Qaim Din.

No. 116. Nazir S/o Gulbahar.

No. 117. Muhammad Ibrahim S/o Irfan.

No. 118. Tazeem S/o Riasat.

No. 119. Qudrat S/o Liaquat.

No. 120. Gulzar S/o Fazal.

No. 121. Muhammad Rashid S/o Fazal.

No. 122. Arif S/o Fazal.

No. 123. Karamat S/o Allah Ditta.

No. 124. Niaz S/o Saif Ali.

No. 125. Farooq S/o Rehmat.

No. 126. Manzoor S/o Sarwar.

No. 127. Arif S/o Sarwar.

No. 128. Qudrat S/o Muhammad Din.

No. 129. Shoukat S/o Akhtar.

No. 130. Muhammad Nazir S/o Akram.

No. 131. Akram S/o Farman.

No. 132. Ghulam Hussain S/o Fazal Din.

No. 133. Mushtaq S/o Fazal Elahi.

No. 134. Azad S/o Mushtaq.

No. 135. Pervez S/o Fazal Elahi.

No. 136. Ishaq S/o Fazal Elahi.

No. 137. Sabzar S/o Allah Ditta.

No. 138. Muhammad Hassan S/o Lal.

No. 139. Allah Ditta S/o Sadeq.

No. 140. Farman S/o Gulzar.
No. 141. Shafi S/o Alim Din.
No. 142. Fazal Rehman S/o Manga.
No. 143. Akbar S/o Nawazish.
No. 144. Mehrban S/o Zaman Ali
No. 145. Ghulam Hussain S/o Mansab.
No. 146. Muhammad Ramzan S/o Muhammad Khan.
No. 147. Hafeez S/o Yousuf.
No. 148. Qurban S/o Ramzan.
No. 149. Naseer S/o Iqbal.
No. 150. Iqbal S/o Lal.
No. 151. Allah Ditta S/o Mehr Din.
No. 152. Bostan S/o Qaim.
No. 153. Ali Akbar S/o Bagh Ali.
No. 154. Bagh S/o Bahawal.
No. 155. Safdar S/o Ali Akbar.
No. 156. Amrooz Jan S/o Bagh Ali.
No. 157. Abdul Khaliq S/o Qaim.
No. 158. Ashraf S/o Qaim.
No 159. Nazeer S/o Karamdad.
No. 160. Abdul Jabar S/o Karamdad.
No. 161. Hukamdad S/o Karam Dad.
No. 162. Sarfaraz S/o Wari.
No. 163. Muhammad Hussain S/o Karam Elahi.
No. 164. Yasin S/o Azeem.
No. 165. Miran Bakhsh S/o Noor Din.
No. 166. Ishaq S/o Iqbal.
No. 167. Allah Ditta S/o M. Ali.
No. 168. Barkat W/o Manga.
No. 169. Khalid S/o Sabir.
No. 170. Sabir S/o Bahadur.
No. 171. Saeed S/o Lal.

No. 172.	Lal S/o Imam Din.
No. 173.	Ramzan S/o Abdul Aziz.
No. 174.	Sabir S/o Bahadur.
No. 175.	Qurban S/o Bagh Ali.
No. 176.	Masjid Hanfia.
No. 177.	Umar Din S/o Giyya.
No. 178.	Umer Din S/o Giyya.
No. 179.	Nazir S/o Syed Rusul.
No. 180.	Gulzar W/o Samer.
No. 181.	Barkat S/o Kala.
No. 182.	Fazal Hussain S/o Safaid Dad.
No. 183.	Akram S/o Aslam.
No. 184.	Iqbal S/o Imam Din.
No. 185.	Aslam S/o Amir Ali.
No. 186.	Muhammad Ali Gujar.
No. 187.	Nazir S/o Syed Rusul.
No. 188.	Ramzan S/o Haji.
No. 189.	Ghulam Nabi S/o Saif Ali.
No. 190.	Abdul Rehman S/o Karam Illahi.
No. 191.	Ali Hasan S/o Safaid Dad.
No. 192.	Mehabat S/o Qayum.
No. 193.	Muhammad Zaman S/o Pannu.
No. 194.	Allah Ditta S/o Sadiq.
No. 195.	Tariq S/o Sadiq.
No. 196.	Javed S/o Sadiq.
No. 197.	Safdar S/o Farman.
No. 198.	Abdul Rahim S/o Noor Muhammad.
No. 199.	Ghulam Hussain S/o Fazal Illahi.
No. 200.	Manzoor S/o Abdul Aziz.
No. 201.	Allah Ditta S/o Alam.
No. 202.	Abdul Aziz S/o Karam Illahi.
No. 203.	Amar Afzal S/o Madar Hussain.

No. 204. Nazir S/o Abdullah.

No. 205. Zardar S/o Afsar.

No. 206. Ghulam Murtaza S/o Qatib Din.

No. 207. Sher S/o Farman Ali.

No. 208. Nazir S/o Ashsan.

No. 209. Yaqoob S/o Jamal Din.

No. 210. Allah Ditta.

No. 211. Barkat S/o Jamal Din.

No. 212. Ayub S/o Jamal Din.

No. 213. Bashir S/o Rehmat.

No. 214. Ramzan S/o Fazal Illahi.

No. 215. Yousaf S/o Ali Akbar.

No. 216. Javed S/o Yousaf.

No. 217. Noor Ahmed S/o Dadoo.

No. 218. Ali Ahmed S/o Dadoo.

No. 219. Bostan S/o Manga.

No. 220. Khalid S/o Waran.

No. 221. Younif S/o Waran.

No. 222. Masjid.

No. 223. Masjid.

No. 224. Masjid.

No. 225. Sheraz S/o Allah Dittan.

No. 226. Karamat S/o Noor.

No. 227. Ali Akhtar.

No. 228. Khalid S/o Abdul Hakim.

No. 229. Rafiq S/o Jumma.

No. 230. Noor Ali S/o Jamal Din.

No. 231. Sardar S/o Lal.

No. 232. Karamat S/o Nawazish.

No. 233. Rafiq S/o Zaman.

No. 234. Muhammad Rafeeq S/o Jumma.

جناب چیئرمین : کوئی ضمنی سوال نہیں ، اگلا سوال پروفیسر خورشید احمد ۔

FEDERAL INVESTIGATION AGENCY

Q.11. Prof. Khurshid Ahmad (on his behalf): Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the total number of posts in Federal Investigation Agency in the ranks of Assistant Directors, Inspectors, Sub-Inspectors and Assistant Sub-Inspectors;

(b) the total number of posts in the ranks reserved for direct recruitment;

(c) distribution of these posts for direct recruitment according to regional quota; and

(d) the rank-wise details of incumbents appointed since its inception against the posts reserved for direct recruitment, in the Proforma given below:

Name	*Father's Name*	*Date of Birth*	*Place of Birth*	*Domicile*
(1)	*(2)*	*(3)*	*(4)*	*(5)*

Date of Appointment	*Educational Qualification with Division obtained*	*Experience with nature*	*Prescribed Qualifications for recruitment*
(6)	*(7)*	*(8)*	*(9)*

Chaudhry Shujat Hussain: The required information of a, b and c *is* placed at Annexure-I.

(d) This information is placed at Annexure-II.

(Annexures have been placed in the Senate Library).

جناب چیئرمین : کوئی ضمنی سوال نہیں ۔ اگلا سوال ۔

SENATOR'S QUOTA FOR P.C.Os.

Q.5. *Mir Sohrab Khan Khoso: Will the Minister for Communications be pleased to refer to Senate Starred Question No.19, replied on 9th March, 1991, and state the steps taken by the Government to increase Senator's quota for sanctioning P.C.Os?

Mr. Ghulam Murtaza Khan Jatoi: The matter of enhancement of Senators quota for sanctioning of P.C.Os. is still under review.

میر سہراب خان کھوسو : پہلے اجلاس میں میں نے سوال کیا تھا تو متعلقہ وزیر صاحب موجود نہیں تھے کسی اور وزیر صاحب نے وعدہ فرمایا تھا کہ ہم جلد ہی یہ ناانصافی ختم کریں گے لیکن اس دفعہ پھر وہی ٹال مٹول والی بات کی گئی ہے ۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب پی سی او کے کنکشن کے کوٹے کے بارے میں وزیر صاحب نے وعدہ کیا تھا ۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ! افسوسناک بات تو یہ ہے جب وزراء یہ فیصلہ کرلیتے ہیں تو پھر یہ فرق کیوں روا رکھا جاتا ہے اور ایم این اے حضرات کے مقابلے میں سینیٹرز کو نظر انداز کیا جاتا ہے ۔ ہمیں ایم این اے حضرات کو دینے پر اعتراض نہیں ہے ۔ ہم سینیٹرز ہیں ہمیں زیادہ کوٹہ ملنا چاہیئے اگر ایسا نہیں ہوتا تو ان کے مساوی تو ہونا چاہئیے ۔ اگر یہ نہیں ہوسکتا توشجاعت صاحب کہہ دیں اور پھر ہم سے گلہ نہ کریں ۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب ! ہمیشہ سے یہ گلہ رہا ہے کہ ان معاملات میں ایم این اے حضرات اور سینیٹروں کو ایک ہی سطح پر نہیں رکھا جاتا ہے ۔ پی سی او کے بارے میں وزیر صاحب نے وعدہ بھی کیا تھا کہ جواستحقاق ایک ایم این اے کا ہو گا وہی سینیٹر کا ہو گا غالباً ابھی تک وہ وعدہ پورا نہیں ہوا ۔ جناب فصیح صاحب آپ کیا

کہنا چاہتے ہیں ۔

سید فصیح اقبال : میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ ٹیلی فون کے کوٹے کے بارے میں بھی پہلے یہی ہوا تھا جب یہاں ہمارے فاضل ممبر نے سوال کیا تو ٹیلی فون کے کوٹے کو انہوں نے بحال کر دیا اور کوئی تفریق نہیں رکھی - پی سی او کے سلسلے میں سب سے زیادہ دیہی علاقے کو تکلیف ہوتی ہے اور وزیر صاحب نے ہاؤس میں تین مرتبہ اعلان کیا کہ مساوی کوٹہ دینے کی سفارش کر کے سمری پرائم منسٹر کے پاس بھیج دی گئی ہے لیکن اتنے وعدوں کے باوجود تین مہینے ہو گئے ہیں - کیا ابھی سمری واپس نہیں آئی - اگر کرنا چاہتے ہیں تو وہ کریں ورنہ اس سلسلے میں ہم لوگ واک آؤٹ کریں گے۔ یہ تو ایسا مسئلہ ہے جس کا ہمیں سختی سے نوٹس لینا پڑے گا ۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ! میرے خیال میں ایم این اے سے زیادہ کی ڈیمانڈ نہ کی جائے جو پی سی او کا کوٹہ ان کو دیا جاتا ہے اسی پر اکتفا کیا جائے تو زیادہ مناسب ہے ۔

جناب چیئرمین : نہیں یہ وہی مانگ رہے ہیں آپ نے جو ایک ایم این اے کو دیا ہے وہی ایک سینیٹر کو دے دیں ۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا! جتنے ایک ایم این اے کو دیئے جا رہے ہیں اتنے ہی ایک سینیٹر کو بھی دیں گے۔

جناب چیئرمین : مہربانی کر کے اس پر عملدرآمد کریں مطلب ہے کوئی چٹھی جاری کریں ۔

چوہدری شجاعت حسین : ضرور انشاء اللہ عملدرآمد ہو جائے گا ۔

میر سہراب خان کھوسو : جناب ہماری خواہش ہے کہ اگلے اجلاس میں اعلان کیا جائے کہ ہمارا کوٹہ مساوی ہو گیا ہے ۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب کھوسو صاحب کہہ رہے ہیں کہ اگلے اجلاس میں اعلان کر دیا جائے یا اس سے پہلے یہ کوٹہ بحال کر دیا جائے ۔

چوہدری شجاعت حسین :اس سے پہلے جناب والا ! اعلان ہو جائے گا -

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے اس سے پہلے ہو جائے گا - اگلا سوال نمبر ۲۸ عالم علی لالیکا صاحب -

EMPLOYEES OF PASSCO

Q.28. *Mian Alam Ali Laleka (on his behalf): Will the Minister for Food, Agriculture and Cooperatives be pleased to refer to Senate Starred Question No.63-A, replied on January 31, 1991 and state the date and time by which the employees of PASSCO recommended by the Review Board, will be reinstated?

Lt. Gen.(Retd.) Abdul Majid Malik (Read by Ch. Amir Hussain): The recommendations made by the Review Board were put up before the Board of Directors of PASSCO. The Board resolved to subject the cases to further legal scrutiny by a competent Lawyer. The legal scrutiny has been received by PASSCO. The cases will be considered by the Board of Directors in its meeting to be held soon.

جناب چیئرمین : کوئی ضمنی سوال ؟

قاضی حسین احمد : ریویو بورڈ نے پاسکو کے جن ملازموں کو ملازمت پر بحال کرنے کی سفارش کی ہے انہیں کب تک ملازمت پر بحال کر دیا جائے گا اس کی کوئی حتمی تاریخ بتائی جائے - یہ میرا سوال ہے اس کے جواب میں پہلے بھی یہی کہا گیا کہ اس پر غور کیا جائے گا اور اس کی چھان بین کی جائے گی اب دوبارہ وہی کہا جا رہا ہے - یہ صحیح جواب نہیں ہے آپ بتائیں کہ کب تک اس پر عملدرآمد کیا جائے گا - ان کو کب تک بحال کر دیا جائے گا یا نہیں کیا جائے گا- غور کیا جائے گا اور اس کی چھان بین کی جائے گی یہ تو سوال سے گریز کرنے والی بات ہے -

جناب چیئرمین : چوہدری امیر حسین صاحب کیا آپ ۲۸ نمبر سوال کا جواب دیں گے- یہ جنرل مجید صاحب کا سوال ہے - مہربانی کرکے ذرا وقت پرآیا کریں کیونکہ آج آپ

لیٹ ہوگئے ہیں عام طور پر تو آپ وقت پر آ جاتے ہیں -

چوہدری امیر حسین : میں قومی اسمبلی میں مصروف تھا اس سوال کے ضمن میں میری استدعا ہے کہ جنرل صاحب خود ہی اس کا جواب دیں گے -

سید فصیح اقبال : وزیر موصوف تشریف لائے بڑا اچھا ہوا انہوں نے وعدہ فرمایا تھا کہ آپ اس مسئلے کوپریس نہ کریں میں انشاء اللہ ۱۵ دن میں اس آدمی کو بحال کرا دوں گا اور کوشش کروں گا کہ یہ معاملہ طے ہو جائے - وزیر زراعت کوئی تین مہینے سے نہیں آ رہے -

جناب چیئرمین : اس کو ملتوی کر دیتے ہیں -

سید فصیح اقبال : ہر دفعہ یہ ملتوی کرنا پڑتا ہے اس آدمی کی ایک اپیل کا قانونی فیصلہ ہو چکا ہے اس پر عملدرآمد نہ کرنا اس کے ساتھ نہایت ظلم ہے -

جناب چیئرمین : وزیر صاحب موجود نہیں ہیں -

سید فصیح اقبال : وزیر صاحب نے بحال کرنے کا وعدہ فرمایا تھا -

جناب چیئرمین : (وزیر صاحب سے مخاطب ہو کر) آپ نے وعدہ کیا تھا -

چوہدری امیر حسین : میں ریکارڈ کی درستی کے لئے عرض کرتا ہوں کہ میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ بحال کر دیں گے -

سید فصیح اقبال : آپ نے کہا تھا -

Mr. Chairman : Please address the Chair.

جب وہ بیٹھ جائیں گے پھر بات کریں -

چوہدری امیر حسین : جب یہ معاملہ آیا تھا تو انہوں نے کہا تھا کہ کیا آپ ان کے معاملے پر غور کرنے کو تیار ہیں تو میں نے عرض کیا تھا کہ غور کرسکتے ہیں غور کریں گے یہ میں نے جواب دیا تھا یہ نہیں کہا تھا کہ بحال کر دیں گے -

جناب چیئرمین : فی الحال ہم اس بحث میں نہیں پڑتے انہوں نے جو بات کی ہے وہ آپ بھی نوٹ کر لیں وزیر صاحب کو بتا دیں اور وزیر صاحب کو کہیں کہ اگلی دفعہ اس کا مکمل جواب لے کر آئیں ۔ نہیں لائینگے تو It is upto the House

چوہدری امیر حسین : بہت بہتر۔

جناب چیئرمین : یہ دو تین دفعہ ملتوی ہو چکا ہے ۔

It is very sad and unfortunate that the Ministers are handling their responsibilities in the Senate in this manner and I would like to express the dis-pleasure of the House on the absence of the Ministers without any reason.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر بوجہ الیکشن سینٹ مورخہ ۸ تا ۱۶ مارچ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اسلئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : سید مزمل شاہ عمرہ کی ادائیگی کے لئے سعودی عرب جا رہے ہیں اس لئے انہوں نے حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : چوہدری نثار علی صاحب کی جانب سے ایک چٹھی آئی ہے کہ وہ آج عمرہ کے لئے جا رہے ہیں اور وہ ۱۱ اپریل کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے ۔

جناب چیئرمین : اب تحریک التوا نمبر ۱ ملک عبدالواحد صاحب - موجود نہیں ہیں -

میر سہراب خان کھوسو: میری بھی ایک تحریک التوا تھی وہ پتہ نہیں کیوں نہیں آئی -

جناب چیئرمین : ابھی معلوم کرتا ہوں - ملک عبدالواحد صاحب غیر حاضر ہیں It satnds dropped جی جناب گچکی صاحب پوائنٹ آف آرڈر -

جناب منظور خان گچکی : جناب والا! میری ایک تحریک التوا ہے وہ میں نے پرسوں دی تھی مجھے پتہ نہیں اس کا کیا ہوا بہت اہم نوعیت کی ہے اور اس ایوان کے ایک ممبر نے کسی دوسرے ملک میں جا کر دورے کئے جو میں سمجھتا ہوں کہ وہ جنیوا اکارڈ کے خلاف ہے ----

جناب چیئرمین : وہ آج ایجنڈے پر نہیں ہے -

جناب منظور خان گچکی : میری گزارش ہے اسے لگا دیا جائے -

جناب چیئرمین : کیسے لگا دیا جائے - ہم اس کو نمبر وار ٹیک اپ کرتے ہیں جس کا پہلے نمبر آتا ہے پہلے ٹیک اپ ہو جاتی ہے -

جناب منظور خان گچکی : اہم موضوع ہے -

جناب چیئرمین : اہم تو سارے ہوتے ہیں یہ سب کے سب اہم ہیں -

جناب منظور خان گچکی : جنیوا اکارڈ کی خلاف ورزی ہے -

جناب چیئرمین : گچکی صاحب آپ صحیح فرما رہے ہیں - ہماری دقت یہ ہوتی ہے جس طرح آتی ہیں اسی طرح لگائی جاتی ہیں - اگر ہم کسی کی آوٹ آف ٹرن لیں تو پھر اس کو شکایت ہو گی -

جناب عبدالرحیم خان : میں ان کو سپورٹ کرتا ہوں یہ تحریک التوا سب سے پہلے آنی چاہیئے کیونکہ بہت اہم نوعیت کی ہے ۔

جناب چیئرمین : یہ نمبر پر آئے گی ، یہ ایوان کے رولز ہیں ۔ آپ رولز دیکھ لیں آؤٹ آف ٹرن میں نے لینا شروع کر دیا تو پھر کیسے کام چلے گا یہ دیکھ لیں فہرست بنی ہوئی ہے جو رولز کے مطابق پہلے آتی ہے پہلے لے لی جاتی ہے اور پانچ چھ سال سے اسی طرح ہو رہا ہے ۔

جناب منظور خان گچکی : کیا lapse نہیں ہو گی ۔

جناب چیئرمین : یہ lapse ہو جاتی ہے اگر آج اجلاس prorogue ہوجاتا ہے توآپ دوبارہ دے سکتے ہیں ۔ اگر آج نہیں آتی اور lapse ہو جاتی ہے تو آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ دوبارہ اس کو revive کر دیں ۔

جناب منظور حان گچکی : ایک دو مہینے کے بعد جو سیشن ہوگا اس وقت تک اس کی تو اہمیت ختم ہوجائیگی ۔

Mr. Chairman: We will discuss your problem in the Chamber. No problem. Next adjournment motion No.5, Prof. Khurshid Ahmed. No.14 again Prof. Khurshid Ahmed; No. 21, yes, Prof. Khurshid Sahib please move it.

RE: ATROCITIES BEING COMMITTED BY THE INDIAN SECURITY FORCES IN KASHMIR

Prof. Khurshid Ahmed: Sir, I seek the leave of the House to move the following adjournment motion:-

> According to the report of 'The Independent London' (correspondent) published in the daily DAWN, Karachi, of today, the cases of atrocities committed by the Indian Security Forces in the Occupied Kashmir has

reached the alarming stage. According to that on the night of 23rd February, 1991, in Kunan Poshpura village, more than 800 Indian soldiers entered the Muslim houses, herded their men together outside in the icy fields and allegedly went from house to house raping about 60 Muslim women. The details of this gruesome act were intentionally leaked by the Kashmiri District Magistrate. A 21 year Muslim lady having 9 months pregnancy was raped by seven soldiers with the result that after few days she gave birth to an injured baby.

Since this is a matter of vital importance of Muslim helpless ladies being raped by cruel Indian soldiers, I seek the leave of the House to suspend the normal business and discuss this issue."

جناب چیئرمین : دوسری بھی پڑھ لیں میرے خیال میں وہ بھی آپ کی ہے اور اسی موضوع پر ہے -

Mr. Hamid Nasir Chattha: Sir, this is opposed.

پروفیسر خورشید احمد : ٹھیک ہے جی ، نمبر ۱۴ یہ ہے - اخباری اور بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے ذریعے یہاں پہنچنے والی خبروں کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں کی سرگرمیوں کو کچلنے کے لئے اب بھارتی فوجوں نے زہریلے کیمیائی ہتھیار استعمال کرنا شروع کر دیئے ہیں جس سے وہاں نا معلوم بیماریاں پھوٹ پڑنے کے باعث بے گناہ عورتیں اور بچے ہلاک ہو رہے ہیں - یہ ایک انتہائی اہم ، قومی اور امت مسلمہ کا مسئلہ ہے اس لئے سینٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اس پر فوری طور پر بحث کی جائے -

Mr. Chairman: Is this also opposed?

جناب حامد ناصر چٹھہ : جی ہاں -

جناب چیئرمین : جی عبداللہ شاہ صاحب ، آپ کی بھی اسی موضوع پر ہے -

Syed Abdullah Shah: With your permission I may read:-

"I hereby give notice of my intention to move that the business of the House be adjourned to discuss a matter of general public importance namely, The atrocities being committed on the innocent Kashmiri people by the Indian authority and the callous attitude of the Government of Pakistan towards the problem."

جناب چیئرمین : جی پروفیسر صاحب ، کوئی breif statement آپ دینا چاہیں گے -

پروفیسر خورشید احمد : جی ، میں عرض کرتا ہوں -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : پوائنٹ آف آرڈر -

جناب چیئرمین : جی ، بہرہ ور سعید صاحب -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب والا! میری گزارش یہ ہے کہ یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے ، گورنمنٹ کو خود چاہئیے کہ وہ اسے ایوان میں پیش کرے تاکہ ہم اس پر بحث کر سکیں -

Mr. Hamid Nasir Chattha: Sir, if I may be allowed to say something.

جناب چیئرمین : پہلے وہ breif statement دے لیں پھر بعد میں آپ اظہار خیال فرما لیں - جناب پروفیسر صاحب -

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمن الرحیم ، جناب چیئرمین !سب سے پہلے

تو میں اپنے بھائی بہرہ ور سعید کے جذبات کی تائید کرتے ہوئے اس امر پر اپنے تعجب کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ اتنے اہم مسئلہ پر تحریک التوا کے بارے میں حکومت کے نمائندوں نے ، اس پر اعتراض کرنے اور اس کی مخالفت کرنے کی پوزیشن اختیار کی اور وہ راستہ بھی اختیار نہیں کیا جو راستہ اس سے پہلے اس ایوان میں اختیار کیا گیا ہے کہ صرف ٹیکنیکل بنیادوں پر اعتراض کیا جائے substantive بنیادوں پر اعتراض کیا جائے - وزیر صاحب نے absolute opposition کی ہے ، جو میری نگاہ میں ایک بڑی بری روایت ہے جو یہ حکومت قائم کررہی ہے اور میں چاہوں گا کہ ہمارے یہ حضرات اپنے رویے پر نظر ثانی کریں۔

جناب والا ! دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میری دونوں تحریکوں کا تعلق مقبوضہ کشمیر کی تازہ ترین صورتحال سے ہے۔ کشمیر کا مسئلہ پاکستان کے لئے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے ، یہ وہ مسئلہ ہے جس کے بارے میں بانی ء پاکستان قائداعظمؒ نے یہ بات کہی تھی کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور وہ شہ رگ اگر دشمن کاٹ رہا ہو اور اس پر بھی ہم مضطرب نہ ہوں ، بیدار نہ ہوں ، جدوجہد نہ کریں تو یہ بڑی ہی تشویشناک اور خطرناک صورتحال ہے -

جناب والا ! کشمیر کا معاملہ کسی دوسرے ملک کا مسئلہ نہیں ہے یہ پاکستان کا vital interest ہے کشمیر ایک disputed territory ہے - کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ آج تک ، ملک کی تقسیم جس بنیاد پر ہوئی تھی ، اس کے مطابق نہیں ہو سکا - حکومت پاکستان اور حکومت ہند، اقوام متحدہ، یہ تینوں on record ہیں کہ کشمیر کے مستقبل کو ابھی طے ہونا ہے - اس لئے اس کے بارے میں یہ موقف اختیار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ بیرونی مسئلہ ہے جس کا کہ ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے - حکومت کی پوزیشن یہی ہے، پوری قوم کی پوزیشن یہی ہے اس لئے سب سے پہلے میں اسی بات کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ کشمیر کا مسئلہ پاکستان کے vital interest سے متعلق ہے اور اس حیثیت سے یہ مسئلہ بیرونی مسئلہ نہیں ہے بلکہ ہمارا اندرونی مسئلہ ہے جس کا تعلق پاکستان سے ہے ، پاکستان کی حکومت سے ہے - پاکستان کی قوم سے ہے اور اس بنا پر اس کو یہاں زیر غور آنا چاہئیے -

جناب والا! میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ کچھ انسانی مسائل بھی ہوتے ہیں جو جغرافیائی حدود کے پابند نہیں ہوتے ہیں - آپ اس امر سے واقف ہیں کہ اسلام نے یہ اصول دیا ہے کہ دنیا میں کسی مقام پر ایک فرد بھی اگر ناجائز طور پر قتل کیا جاتا ہے اور اسکی جان تلف کی جاتی ہے تو گویا یہ پوری انسانیت کی جان تلف کرنے کے مترادف ہے ، دوسرے الفاظ میں اسلام interested ہے ساری دنیا میں ، تمام انسانوں میں اور ان کی جان

[Prof. Khurshid Ahmed]

و مال اور آبرو کے تحفظ میں - اقوام متحدہ کا چارٹر اسی اصول کوپیش کرتا ہے - اسی بنیاد پر liberation struggles ہوئی ہیں ، انہیں کبھی بھی وہ حیثیت نہیں دی گئی جو کسی دوسرے ملک کے معاملات میں مداخلت کو دی جاتی ہے -

جناب چیئرمین ! آپ اس امر سے واقف ہیں کہ انسانی حقوق کے مسئلہ کے اوپر صرف امریکہ ہی نہیں ، دنیا کے بیشتر ممالک ، جہاں کہیں انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہو ، اس پر احتجاج کرتے ہیں اور اسے دوسرے ملک میں مداخلت تصور نہیں کیا جاتا - یہ ایک انسانی اور بین الاقوامی مسئلہ ہے - جناب والا! میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ ۱۹۷۳ء کے Helsinki Agreement میں یورپ کے ۳۲ ممالک نے اسی اصول کو تسلیم کیا ہے کہ انسانی حقوق کا مسئلہ جو ہے وہ قومی سرحدات کا پابند نہیں ، اس بنیاد پر بھی میں یہ بات آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ کشمیر میں بڑے مظالم ہو رہے ہیں ، ایک تو ان کو اپنے حق خود ارادیت سے محروم کیا گیا ہے - ہندوستان نے کشمیر پر ، اس کے ایک حصہ کے اوپر غاصبانہ قبضہ کیا ہوا ہے - آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت اس وادی میں اڑھائی سے پونے تین لاکھ ہندوستانی فوجی اور ایک لاکھ بارڈر پولیس پائی جاتی ہے - صرف اس وادی میں اتنی فوج ہے کہ جو دنیا کے ۱۶۰ میں سے کم از کم ۱۵۰ ممالک کی کل فوج سے زیادہ ہے یہ سب اس لئے ہے کہ وہاں تحریک حریت کا گلہ گھونٹا جائے اور مظالم کئے جائیں - پھر جناب والا ! آپ کے سامنے یہ چیز ہے کہ نومبر ۱۹۸۹ء میں جب کشمیر کے مسلمانوں نے ہندوستان کے الیکشن کا بائیکاٹ کر کے اس امر کا عالمی سطح پر ایک بار پھر اعادہ کیا جو انتخابات کا ڈھونگ رچایا جاتا ہے وہ کشمیری عوام کی آراء کے اظہار کرنے کا فورم نہیں ہے اور چونکہ راجیو گاندھی نے بار بار یہ بات کہی تھی کہ ہم اتنی بار الیکشن کروا چکے ہیں اس کے جواب میں کشمیریوں نے الیکشن کا بائیکاٹ کرکے یہ بتا دیا کہ ہم ہر گز ہندوستان کے قبضہ کوجائز تسلیم نہیں کرتے -اس دن سے آج تک مظالم کی ایک رو ہے جو وہاں شروع ہو گئی ہے اور اس وقت تک تقریباً ۲۰ - ۲۵ ہزار افراد گزشتہ ڈیڑھ سالوں میں شہیدہو چکے ہیں - اس وقت تیس ہزار سے زیادہ افراد جیلوں میں ہیں یا مختلف مقامات پر ہیں - پوری وادی پر کرفیو محیط ہے - اس کی latest صورتحال جو سامنے آ رہی ہے وہ یہ کہ پہلے تو یہ واقعات فرداًفرداًہوتے تھے - لیکن اب gang rapes ہوتے ہیں - فوجی اپنی وردیوں میں آتے ہیں ، محلے کی عورتوں کوجمع کرتے ہیں ، پورے پورے گاؤں پر مظالم ڈھاتے ہیں - اس معاملے میں ایک بھارتی ہفتہ وار جریدے نے first person report دی ہے کہ کس طرح خود ہندو صحافی وہاں جا کر ایسی عورتوں سے باتیں کر کے آئے ہیں اور انہوں نے پھر آ کر رپورٹ دی ہے - اس کے بعد بی بی سی کے نمائندوں نے اسے cover کیا ہے - اس کے بعد Independent London کا جو پرچہ ہے ، اس کے نمائندے نے cover کیا اور وہ وہاں گیا ہے - پھر آخری چیز یہ ہے کہ خود وہاں کے ایک مجسٹریٹ نے ان حقائق کو

جنہیں وہاں suppress کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی ، اخبارات میں leak کیا اور یہ کہا کہ میں مجسٹریٹ ہوں ، لیکن اس کے باوجود جو مظالم ہو رہے ہیں ،اور جو گھناؤنے جرائم کئے جا رہے ہیں ، میں ان کو پوشیدہ نہیں رکھ سکتا ، اپنے کیرئیر اور اپنی زندگی کو خطرہ میں ڈال کر میں یہ تمام حقائق بتا رہا ہوں - یہ وہ چیز ہے جو ساری دنیا میں آئی ہے -

اس کے علاوہ جناب والا ! میں نے جو دوسری قرارداد آپ کے سامنے پیش کی ہے وہ ایک دوسرے گھناؤنے جرم پر سے پردہ اٹھاتی ہے اور وہ ہے chemical weapons کا استعمال - آپ اس امر سے واقف ہیں کہ یہ استعمال جنیوا کنونشن کے خلاف ہے - جنگ بلاشبہ ایک ایسی صورتحال ہوتی ہے جس میں بہت سی وہ چیزیں جوعام حالات میں ناجائز ہوں ، جائز ہو جاتی ہیں لیکن chemical weapons کا استعمال ان چیزوں میں سے ہے جو ان حالات میں بھی جائز نہیں ہوتا اور اس کے استعمال کو گوارا نہیں کیا جاتا اور جس کسی نے ان کا استعمال کیا ہے اس کو condemn کیا گیا ہے اس کے خلاف پوری عالمی برادری نے آواز اٹھائی ہے ، اس وقت جناب والا! یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ ہندوستانی افواج نے صرف آنسو گیس ہی استعمال نہیں کی بلکہ دوسری زہریلی گیسوں کا استعمال بھی کیا ہے - تازہ ترین صورتحال جو کل ہی میرے علم میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ سری نگر کے پرانے شہر میں‌پوری کی پوری آبادی کا محاصرہ کیا ہوا ہے اور لوگوں کو ان کے گھروں میں محبوس کر کے ، زہر آلود گیس چھوڑ کر کے ان کی صحت اور زندگی کو خطرہ میں ڈالا جا رہا ہے - یہ وہ حقائق ہیں جناب والا ! جس کی بنا پر میں اس تحریک کو آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کا حق ہی نہیں بلکہ اس کا فرض ہے ، اس پارلیمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیر کے لوگوں کے لئے حق خود ارادیت کے حق کو حاصل کرنے کی جدوجہد کرے ، آج جوتحریک جہاد وہاں کام کر رہی ہے اس سے یکجہتی کا اظہار کرے اور جو انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہو رہی ہے اور مسلمان عورتوں کی عزتوں سے جس طرح کھیلا جا رہا ہے اور زہریلی گیس استعمال کرکے جس طرح ان کے اوپر مظالم ڈھائے جا رہے ہیں اس کا نوٹس لے- میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ کچھ غریب عورتوں کی فریاد ہی تھی جس کے جواب میں محمد بن قاسم سندھ کے علاقے میں آیا تھا - میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ قائد اعظمؒ مرحوم نے ۱۹۴۳ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی سالانہ کانفرنس میں جو کراچی میں منعقد ہوئی تھی اپنے صدارتی خطبے میں اس مسئلے کو اٹھالیا تھا کہ ہم پاکستان اس لئے قائم کرنا چاہتے ہیں کہ پاکستان کے قیام سے صرف پاکستان ہی کے نہیں ، بلکہ برصغیر کے مسلمانوں کو امن و امان حاصل ہو گا - قائد اعظمؒ نے یہ الفاظ استعمال کئے کہ اگر برطانوی وزیراعظم چند انگریزوں کی جان بچانے کے لئے اعلان جنگ کر سکتا ہے تو ہم بھی اگر اس برصغیر کے مسلمانوں کو کوئی خطرہ لاحق ہوا تو ہر قوت اور ہر طاقت استعمال کرنے میں حق بجانب ہوں گے -

[Prof. Khurshid Ahmed]

جناب والا ! یہ وہ دلائل ہیں جن کی بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ ایسا ہے کہ جس پر ایوان کی کارروائی معطل کر کے گفتگو کی جائے اور حکومت پر وہ پریشر ڈالا جائے جس کے نتیجے میں ہم اس کاز کے لئے کہ زیادہ سے زیادہ موثر طور پر کام کر سکیں - میں اس امر سے واقف ہوں کہ حکومت نے اسے بین الاقوامی سطح پر اٹھانے کے لئے چند اچھے اقدامات کئے ہیں - کیبنٹ نے حال ہی میں جو بیان دیا ہے وہ نئی اور ایک اچھی روایت ہے لیکن اس کے باوجود اس بات کی ضرورت ہے کہ اس مسئلے پر ایوان میں گفتگو ہو اور پھر ایوان کی بحث کا اثر ملک ہی میں نہیں پوری دنیا میں ہوتا ہے- ہندوستان پر بھی ہوتا ہے - محض کسی وزیر کا بیان کافی نہیں ہوتا بلکہ ایوان میں‌اس پر بحث کر کے پوری قوم کی رائے کو دنیا کے سامنے پیش کیا جانا چاہیئے - شکریہ

جناب چیئرمین : شکریہ - سید عبداللہ شاہ صاحب -

سید عبداللہ شاہ : شکریہ جناب چیئرمین ! میں‌اس پر کوئی لمبی بات نہیں کروں گا کیونکہ کشمیر کی اہمیت پاکستان کے لئے ، اس سے ہر ایک پاکستانی واقف ہے اور اس وقت جو وہاں حالات ہیں ان پر نہ صرف ہم فکر مند ہیں بلکہ ہم ماتم کناں ہیں - مجھے صرف اس بات کا افسوس ہے کہ جب مشرق وسطیٰ میں جنگ چھڑتی تھی تو یکدم ہماری حکومت نے وہاں فوجیں بھیج دی تھیں کہ وہاں مقدس مقامات کو خطرہ ہے اسلئے ہماری فوجیں وہاں جا رہی ہیں حالانکہ وہ ہمارے ملک کا حصہ نہیں ہے - جب افغانستان میں گڑبڑ پیدا ہوئی جو کہ ایک خود مختار ملک ہے وہاں پر بھی ہم نے انکی مدد کرنے کی کوشش کی اور لاکھوں افغان مہاجرین پاکستان آ گئے اور مسلمان ہونے کی بنیاد پر ہم نے ان کی مدد کی - لیکن کشمیر ، جس کو ہم کہتے ہیں کہ disputed territory ہے اور یہ پاکستان کا حصہ ہے وہاں‌اگر کچھ ہوتا ہے تو سوائے صرف زبانی جمع خرچ کے ہم آگے کچھ نہیں کرتے - ہمارے موجودہ وزیراعظم جب وزیراعلی پنجاب تھے - مجھے یاد ہے کہ ان کی جو تقاریر ہوتی تھیں وہ بہت ہی سخت ہوتی تھیں کہ اس وقت کی وفاقی حکومت کشمیر کے اوپر زیادہ توجہ نہیں دے رہی- میں صرف اس تحریک کے ذریعے حکومت پاکستان کی توجہ اس اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں- اب وقت آ گیا ہے کہ ہم عملی طریقے سے کشمیری بھائیوں کی فریاد سنیں اور خصوصاً ہماری عورتوں کے ساتھ جو اس قسم کا ظلم ہو رہا ہے اسکے انسداد کے لئے حکومت پاکستان کو فوراً عملی اقدام کرنا چاہیئے - شکریہ -

جناب چیئرمین : شکریہ - جناب حامد ناصر چٹھہ صاحب -

Mr. Hamid Nasir Chattha: Thank you, Mr. Chairman. Personally I am not inclined to oppose an adjournment motion on technical grounds and I am informed that the Foreign Office has always had a similar tradition but the fact is Mr. Chairman, that the question of atrocities committed by the Indian occupying forces in held Kashmir was debated at length in the National Assembly only three or four days ago. As such it would be hit by Rule 75 of the Senate Rules but if this House would wish to repeat the discussion which took place in the National Assembly I am sure I or the foreign office would have absolutely no objection. So, I leave it to your better judgement, Sir.

Mr. Chairman: But what about the steps already taken by the government, are you aware of that?

Mr. Hamid Nasir Chattha: They were announced in the National Assembly, Sir, if you wish we could make another statement on the subject.

Mr. Chairman: Please. Yes, I think that would be appropriate.

Mr. Hamid Nasir Chattha: First, I will take up the issue of the use of chemical weapons as reported in the press. Mr. Chairman, we have not been able to ascertain or authenticate these reports which were carried in a section of the press both at local and international level. We are working on this, we are trying to authenticate these reports. But so far we have not been able to ascertain whether chemical weapons were actually used in occupied Kashmir or not. As regards the question of gang rape Mr. Chairman, this has been verified. It has been confirmed by no less a person than the Deputy Commissioner of the area who visited the site himself and

[Mr. Hamid Nasir Chattha]

then sent a report to the Divisional Commissioner. His report says that there were twenty three women who were gang raped by Indian occupying forces and the *modus operandi* was that they entered the village, sorrounded it, arrested the men and took them to one side of the village and then gang raped the women. In fact some reports Mr. Chairman, say that the number of women who were maltreated in this manner could be as high as over one hundred. Indian newspapers have carried photographs of some of the women who were so treated.

It is a matter of record Mr. Chairman, that Indian security forces in held Kashmir are violating human rights on a massive scale. This has been happening time and again ever since the struggle for freedom in Kashmir has started. Recent reports by the Amnesty International, Asia Watch, US State Department have indicated that Indian authorities have been giong in for harassment, extortion, torture, arson, rape and other extra judicial methods of execution on a large scale in this area. It is not possible for the people of Pakistan Mr. Chairman, or for the Government of Pakistan to remain indifferent to this state of affairs and, therefore, the outrage felt by the people of Pakistan was clearly articulated by the Government in a statement issued on the 18th of March, 1991. The Government condemned the rain of terror unleashed by Indian occupying forces and called upon the Government of India to withdraw the various special laws for instance the Disturbed Areas Act and the Armed Forces Special Powers Act that provide some sort of legal cover to such excesses. The Government has also appealed to the United Nations, to the international community, to the international press and human rights organizations, the international media, so that this could be taken notice of and we would also like to ensure Mr. Chairman, that the international press is allowed to visit this area so that they can see for themselves the atrocities committed by the Indian occupying forces.

Even more recently Mr. Chairman, during a meeting of the foreign Secretaries between India and Pakistan this issue was brought up and we raised the issue of restrictions imposed on the local press and also we stressed that the Kashmir dispute must be settled in accordance with the United Nations' resolutions. The Government of Pakistan, I assure you, Mr. Chairman, will continue to highlight in the international media and in the international community the violations of human rights being committed by Indian occupying forces in held Kashmir. We have done so in the OIC, IPU, United Nations, UN, Human Rights Commission and the British Parliament and the US Congress. We call upon the Government of India to withdraw its security forces from held Kashmir and repeal these repressive laws being used indiscriminately to suppress the people of Kashmir. We also urge the Indian Government to have the latest incident of gang rape thoroughly investigated and to meet out suitable punishment to all those who are responsible. But the fact is, Mr. Chairman, that normaly can only return to the region when the root cause of this disturbance is dealt with in accordance with the wishes of the people of Kashmir. I thank you Mr. Chairman, I hope after this brief statement the honourable member will not press this motion.

Mr. Chairman: Prof. Sahib, in the light of detailed statement whether you like to press it or not?

پروفیسر خورشید احمد : پہلی بات تو جناب چیئرمین ! یہ ہے کہ وزیر محترم کے بیان سے میں فی الحقیقت مطمئن نہیں ہوں اور جس انداز سے انہوں نے اس پورے مسئلے کو ڈیل کیا ہے یہ ہمارے لئے پریشانی کا باعث ہے - سب سے پہلے یہ کہتے ہیں کہ کیمیاوی ہتھیاروں کے استعمال کے بارے میں ہم تفتیش کر رہے ہیں - میں جاننا چاہتا ہوں کہ کیا انہوں نے تفتیش کی ہے - کیوں کہ میں اپنے ذاتی علم کی بنا پر یہ بات بتاتا ہوں ، اور اگر وہ خود وہاں جانا چاہیں تو جا کر دیکھ لیں کہ اس وقت آزاد کشمیر میں جو مہاجرین مقبوضہ کشمیر سے آئے ہیں ان میں وہ افراد موجود ہیں جو ان ہتھیاروں کا نشانہ بنے ہیں - آپ اس کے علاوہ کیا دلیل و ثبوت چاہتے ہیں - ابھی آپ اسے investigate ہی کر رہے

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہیں اور پھر اس کے بعد آپ یہ کہیں گے کہ ہم پریس میں ہائی لائٹ کریں گے پھر آپ فرمائیں گے کہ ہم اس کے لئے پریس کانفرنس کریں گے - یہ مسائل اس leisurely انداز میں ڈیل کرنے کے نہیں ہیں - گورنمنٹ کو اس معاملے میں موثر پالیسی اختیار کرنی چاہیئے - اور اسی لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے کہ ایوان اس پر بحث کرے - جو ٹیکنیکل اعتراض اس پر کیا جا سکتا تھا وہ میرے سامنے بھی تھا کہ قومی اسمبلی نے اس مسئلے کو ٹیک اپ کیا ہے اور قومی اسمبلی کو اسے ٹیک اپ کرنا چاہیئے تھا - میں سمجھتا ہوں اس کے ساتھ ساتھ یہ ان مسائل میں سے ہے جنہیں قومی اسمبلی کے ساتھ ساتھ سینیٹ کو بھی ٹیک اپ کرنا چاہیئے اور میں درخواست کروں گا کہ آپ ایوان کی مرضی معلوم کریں اور پھر اسے قبول کرکے بحث کے لئے کوئی وقت مقرر کریں تاکہ ہم اس پر بات کر سکیں -

جناب چیئرمین : ان حقائق کی روشنی میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مسئلے پر بحث ہو چکی ہے اور یہ رول ۷۵ کی زد میں آتی ہے - اگر ایک ایوان میں یہ زیر بحث آجائے تو آپ اسے دوبارہ دوسرے ایوان میں ڈسکس نہیں کر سکتے اور وزیر صاحب نے تفصیلی بیان بھی دے دیا ہے - ان حالات میں would you like to press your motion? یعنی تفصیلی بیان بھی آگیا ہے - گورنمنٹ جو کر سکتی تھی اس نے protests کر دیئے ہیں - خط لکھ دیئے ہیں - جو کچھ کر سکتے تھے کیا ہے - نیشنل اسمبلی میں بحث بھی ہو چکی ہے - تو رول ۷۵ کا یہ تقاضا ہے - اس میں یہ رول چونکہ واضح ہے اس لئے ان حالات میں میرے لئے اور کوئی راستہ نہیں ہے کہ -----

(مداخلت)

جناب چیئرمین : ایک منٹ - قاضی صاحب میں ذرا ان سے پوچھ لوں - ان حالات میں ، میں آپ سے پوچھتا ہوں -

پروفیسر خورشید احمد : میں چاہوں گا کہ اس ٹیکنیکل وجہ سے اگر حکومت اس بات کا وعدہ کرے کہ وہ آئندہ کشمیر پر اس ایوان میں بحث کے لئے وقت مقرر کرے گی تو پھر مجھے اصرار کی ضرورت نہیں ہے - اس سے پہلے بھی یہ ہوا ہے - حکومت اس سے پہلے بھی یہ راستہ اختیار کرتی رہی ہے کہ کسی مسئلے پراگر اسے فنی مشکل کا سامنا ہے تو یہ وعدہ کیا ہے کہ ہم اس موضوع پر آئندہ کسی وقت بحث کر لیں گے -

جناب چیئرمین : اس کے لئے اگر آپ ڈسکشن کرنا چاہتے ہیں تو اس صورتحال پر بحث کے لئے تحریک پیش کردیں تب اس پر بحث ہوسکتی ہے -

پروفیسر خورشید احمد : وہ تو میرا اختیار ہے جناب کہ میں قاعدہ ۱۹۴ کے تحت اسے لاؤں یا نہ لاؤں - لیکن یہ حکومت کے پاس ایک موقع ہے کہ وہ اس موقع پر اس بات کا اعلان کرے کہ وہ اس پر بحث کے لئے تیار ہے -

جناب چیئرمین : یہ معاملہ بہت اہم ہے لیکن تحریک التواء کے طور پر اسے زیر بحث لانے میں مجھے دشواری پیش آرہی ہے - لیکن اگر آپ قاعدہ ۱۹۴ کے تحت لے آئیں یا کسی اور طریقے سے لے آئیں تواس پر بحث ہو سکتی ہے - حکومت سے بھی پوچھ لیتے ہیں - جی جناب عبداللہ شاہ صاحب -

Syed Abdullah Shah: Sir, even I am not satisfied with the statement of the honourable Minister. I had specifically stated that the Government of Pakistan took tangible practical steps in reference to Afghanistan or even the Middle East crisis.

جناب چیئرمین: practical steps آپ کے ذہن میں کیا ہیں ؟

Syed Abdullah Shah: That we would like to discuss in this House and even a joint session of the Parliament might be called for this purpose.

جناب چیئرمین : نہیں تحریک التوا کی غرض سے آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ عملی اقدامات لینے چاہیئیں - وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے لے لئے ہیں - ہم نے اقوام متحدہ کو لکھا ہے - ہم نے انڈیا گورنمنٹ کو condemn کیا ہے - ہم نے ان کو protest notes دیئے ہیں -

Syed Abdullah Shah: Sir, my submission is; did they write to United Nations about the Middle East Crisis? Did they write to the United States about Afghanistan's crisis? This crisis directly affects us. It is a Pakistan's own matter and own issue. So, when there is their own personal matter, they only write to United Nations or issue a statement but when something else does not directly concern Pakistan,

[Syed Abdullah Shah]

they directly involve themselves. This is my humble submission that is why I am not satisfied with what the honourable Minister has said.

جناب چیئرمین : قاضی صاحب سے میں پوچھتا ہوں - قاضی صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں - جی قاضی صاحب -

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین رولز کے مطابق قومی اسمبلی میں‌اس پر دو گھنٹے کے لئے بحث ہونی چاہیئے تھی -

جناب چیئرمین : نہیں جناب یہ اور ہے -

قاضی حسین احمد : میں عرض کرتا ہوں - لیکن اس کے باوجود دو گھنٹے کے لئے وہاں سپیکر نے بھی اس کی اجازت دے دی ہے کہ چونکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے پوری امت مسلمہ کے جذبات مجروح ہوئے ہیں - اس لئے انہوں نے یہ کہا ہے کہ اسے مسلسل جاری رکھا جائے گا تاکہ دوسرے لوگ بھی اپنے جذبات کا اظہار کر سکیں - اس سے فنی بنیاد پر سینیٹ کو محروم کرنا درست نہیں - وہاں پر اس وقت صرف مقبوضہ کشمیر نہیں بلکہ پوری پاکستانی قوم ایک صدمے کی کیفیت میں ہے - کشمیر میں ہونے والی atrocitites کی جو فلم دکھائی گئی ہے جو خبریں آرہی ہیں - ان کی وجہ سے پورے ملک میں صدمے کی کیفیت ہے صرف فنی بنیاد پر سینیٹ کو محروم کرنا کہ تحریک التوا کے ذریعے میں اس پر بحث نہیں کر سکتا - میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے - اور آپ اس کے لئے ہمیں موقع دیں کہ ہم ان تمام حقائق سے پردہ اٹھائیں جن کو اس وقت چھپایا جا رہا ہے - اس وقت وہ پوری قوم کے سامنے آنے چاہیئں بلکہ پوری دنیا کے سامنے وہ حقائق آنے چاہیئں - مقبوضہ کشمیر میں جس برے طریقے سے مسلمان عوام کو کچلا جا رہا ہے اور ان کی بےعزتی کی جارہی ہے gang rape- کئے جا رہے ہیں - ان پر سے پردہ اٹھانے کے لئے ضروری ہے کہ ہر رکن کے جذبات اور اس کے پاس جو معلومات ہیں وہ پوری قوم کے سامنے آجائیں -

Mr. Chairman: Yes, Mr. Hamid Nasir Chattha. I am not going to allow a general discussion at this stage. I just want to find out what we can do about this motion.

Mr. Hamid Nasir Chattha: Mr. Chairman, I stated at the

very outset that even though this issue is hit by this rule and if this House wishes to discuss it we have no objection and again Mr. Chairman, we will have absolutely no objection if this House would like to discuss this without benefit of this adjournment motion on a full time basis at any time of your convenience. A motion under Rule 220 can be moved by the government or by the members.

جناب چیئرمین : گورنمنٹ نے اب یہ کہہ دیا ہے کہ اگر آپ تحریک پیش کریں
They would have no ojection to have a discussion on that motion-
اس لئے مناسب یہی ہوگا کہ وہ آپ تحریک پیش کردیں کیونکہ تحریک التوا میں میرے لئے وقت ہے کیونکہ
I do not want to by-pass the rules.

پروفیسر خورشید احمد : بہتر ہے آپ کی مشکل کو دیکھتے ہوئے ہم آرٹیکل ۲۳۶ سے رجوع کریں گے -

جناب چیئرمین : گورنمنٹ خود بھی کر سکتی ہے -

پروفیسر خورشید احمد : نہیں - میں کرتا ہوں - آرٹیکل ۲۳۶ کے ذریعے میں آپ سے اور اس ایوان سے اجازت چاہتا ہوں کہ اسے قاعدہ ۱۹۴ کے تحت convert کر دیا جائے - تاکہ اس طریقے سے یہ ایوان اس پر گفتگو کر سکے -

جناب چیئرمین : تحریک پیش کی گئی ہے کہ اسے قاعدہ ۱۹۴ کے تحت زیر بحث لایا جائے -

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Okay, accepted. Then we will put it up for debate at an appropriate time. So, this stands admitted as a motion.

قاضی حسین احمد : جناب اس کے لئے وقت مقرر کریں -

جناب چیئرمین : یہ میں آج نہیں کر سکتا - آج اجلاس prorogue ہو رہا ہے - اب یہ بحث اگلے اجلاس میں ہی ہو سکے گی - آدھا گھنٹہ ہوگیا ہے -

MESSAGES FROM THE NATIONAL ASSEMBLY

Mr. Chairman: Now, we move to the next item on the agenda.

There is a message from the national Assembly that in pursuance of Rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 1973, the National Assembly having passed the Bill that is the National Highways Authority Bill, 1991, has transmitted the same to the Senate for information and approval.

Now, we move to the next item which is item No.3 regarding consideration of the Bill further to amend the Limitation Act 1908.

Before we go on to that item, General Majid Malik, would you like to make a statement as a matter of personal explanation.

Lt.Gen.(Retd.) Abdul Majid Malik: Mr. Chairman, I am very thankful to you for allowing me to say a few words about my late arrival in this august House this morning after the 'question hour' was over.

Sir, first of all I have to apologize that reason of this episode, if you call it episode, is that as you very well know that today the two Houses were to start almost at the same time, one at 9.30 A.M. and the other at 10.00 A.M. I had some business in the National Assembly also, therefore, I was present in the National Assembly hoping that my business will conclude there before the turn for the question that relates to my Ministry comes up for discussion here. My

fault, I must admit, is that I miscalculated the time but I would like to inform you that this was not intentional and I was fully prepared to answer the question then, now or in the next session. Therefore, I think, the confusion took place because unusually, the two Houses were ordered to start almost at the same time. Therefore, once again I apologize that it was not intentional and I would like to inform you and this august House that I was in the National Assembly from 9 O'clock in the morning onward. So, it was not any intentional delay or delay by design. I would also like to explain that there is yet another motion and I have to then go back. Therefore, the confusion arose through miscalculation of timings but also by having the two Houses at the same time. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: Thank you Gen. Sahib.

Ch. Amir Hussain, Item No.3.

Mr. Iqbal Haider on a point of order.

Syed Iqbal Haider: Sir, under Rule 91, we are entitled to have a copy of the Bill.

جناب چیئرمین : وہ کاپی پرسوں دے دی تھی - غالباً پرسوں آپ موجود نہیں تھے -

سید اقبال حیدر : پرسوں میں نہیں تھا -

جناب چیئرمین : وہ کاپیاں پرسوں تقسیم ہوگئی تھیں - لیکن ابھی آپ کو دے دیتے ہیں -

سید اقبال حیدر : کل بھی میں نے کوشش کی کہ کاپی مل جائے - آج صبح

بھی کوشش کی کہ کاپی مل جائے ابھی تک مجھے کاپی نہیں ملی - مجھے بتایا گیا تھا کہ ہمارے ڈیسک پر موجود ہو گی لیکن نہیں ہے -

جناب چیئرمین : پرسوں دوبارہ تقسیم کی گئی تھیں لیکن آپ کو نہیں ملی تو آج آپ کو دوبارہ بھی دے دی جائے گی اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے -

THE LIMITATION (AMENDMENT) BILL, 1991—PASSED

Ch. Amir Hussain: Sir, he (Mr. Yahya Bakhtiar) will move the amendment that the word 'duly' should be substituted by the word 'actually', if you allow, Sir.

Mr. Chairman: I will allow it. If you (Ch. Amir Hussain) are satisfied then I am satisfied. So, this is to be an amendment in section (2). So, Mr. Yahya Bakhtiar, would you like to move your amendment then?

Mr. Yahya Bakhtiar: Yes, Sir.

جناب چیئرمین : آپ move کریں -

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, for the word 'duly', the word 'actually' should be substituted.

Mr. Chairman: It has been moved as an amendment by Mr. Yahya Bakhtiar that the word 'duly' appearing in clause 5 be substituted by the word 'actually'.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The amendment is carried.

THE REPRESENTATION OF THE PEOPLE (AMENDMENT) BILL, 1991 ------ PASSED

Mr. Chairman: Now, I will put the clause as amendment

The question is:

that clause (2) as amended do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause (2) forms part of the Bill.

The question is:

that clause (1) short title, the commencement and preamble do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Preamble, short title and clause (1) form part of the Bill.

Ch. Amir Hussain, please read out number 4.

Ch. Amir Hussain: Sir, I beg to move

that the Bill further to amend the Limitation Act, 1908 [The Limitation (Amendment) Bill, 1991], be passed.

Mr. Chairman: It has been moved:

that the Bill further to amend the Limitation Act, 1908 [The Limitation (Amendment) Bill, 1991], be passed.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The Bill stands passed.

THE REPRESENTATION OF THE PEOPLE (AMENDMENT) BILL, 1991—PASSED

Mr. Chairman: Now we move to the next item on the agenda which is No.5.
چوہدری امیر حسین صاحب اس کو ابھی ہم نے consideration کے لئے پیش نہیں کیا -

چوہدری امیر حسین : پیش ہو گیا ہے جناب -

Mr. Chairman: Any views on this?
Yes, please Mr. Yahya Bakhtiar.

Mr. Yahya Bakhtiar: It is very important amendment. I agree with him as some are essential and necessary but it requires a very serious consideration. If they say we just want to restore the Act of 1976 as it was, I have no objection, but they made further amendments in it and they require the consideration of the concerned committee within sufficient time to consider them.

جناب چیئرمین : کمیٹی کے لئے توآپ کوباقاعدہ موشن پیش کرنی پڑے گی -

جناب یحیٰ بختیار: اس کے لئے وقت چاہئے یہ ایک دن میں نہیں ہوسکتا -

Every clause has been amended in one form or the other. It concerns the whole country and it also concerns the election, the representatives, the parliament. So, I would request that we should be given more time for this.

Mr. Chairman: Any other comments?

Prof. Khurshid Ahmed, yes please.

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! میں آپ کی توجہ دو امور کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں (۱) یہ کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ اس ایوان کے سامنے یہ بل لایا جا رہا ہے - میں نے پرسوں بھی یہ سوال اٹھایا تھا کہ وزیر عدل اس ایوان کو یہ بتائیں کہ اس سے پہلے کتنی بار آرڈیننس کے ذریعے اس قانون میں تبدیلی کی کوشش کی گئی ہے اور کون کون سے آرڈیننس اس میں سے lapes ہوچکے ہیں اور اس وقت اس بارے میں exact positon کیا ہے ؟

(۲) میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ مسئلہ ایسا ہے جس کے اوپر فیڈرل شریعت کورٹ نے اسلامی بنیادوں کے اوپر اس کا مطالعہ کیا ہے اور ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۹ء کو اپنا فیصلہ دیا ہے اور اس میں انہوں نے اس کی سات آٹھ شقوں کو اسلام کے منافی قرار دیا ہے اور فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے کے بعد اس ایوان میں یہ بل زیر غور آ رہا ہے تو ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس کا اس پہلو سے بھی جائزہ لیں کہ فیڈرل شریعت کورٹ نے اس قانون کی جن خامیوں کے بارے میں نشاندہی کی ہے اس ترمیمی بل کے ذریعے ان کو کہاں تک پورا کیا گیا ہے - میں نے جو سرسری جائزہ لیا ہے اس سے معلوم ہوا ہے کہ تمام نکات کا احاطہ نہیں کیا گیا غالباً دو نکات ایسے ہیں جن کو لے لیا گیا ہے باقی تمام نکات چھوڑ دئے گئے ہیں - اگر ایسا کیا گیا ہے توحکومت کا فرض ہے کہ وہ ہمیں بتائے کہ کیوں ایسا کیا گیا ہے جس چیز کو فیڈرل شریعت کورٹ کہتی ہے کہ وہ شریعت کے منافی ہے تو حکومت اس بارے میں تبدیلی کرنے کو کیوں تیار نہیں اگر اس معاملے میں حکومت کو اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے کی ضرورت ہے تو دستور کے تحت اسے یا اس ایوان کو اسلامی نظریاتی کونسل سے مشورہ لینا چاہیئے - یہ بڑا serious معاملہ ہے اگر فیڈرل شریعت کورٹ سات یا آٹھ نکات کے بارے میں کہتی ہے کہ یہ شریعت کے خلاف ہیں اور آپ صرف دو میں ترمیم کر دیتے ہیں اور باقی چھ کو چھوڑ دیتے ہیں تو یہ میری نگاہ میں ایک ایسی چیز ہے جس کو کہ اس ایوان کو condone نہیں کرنا چاہیئے -

(۳) جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے ایک version ہمارے پاس ۱۹۸۹ء میں آیا تھا اور اس پر سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نے غور کیا تھا اگر آپ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کی رپورٹ ۱۷ مئی ۱۹۹۰ء ملاحظہ فرمائیں تو معلوم ہو گا کہ سابقہ حکومت نے بھی اس میں کچھ ترامیم کی تھیں اور وہ اس ایوان میں جو ترامیم لائے تھے - سلیکٹ کمیٹی نے ان پر غور کیا اور اس کے اندر چھ خامیوں کی نشاندہی کی کہ یہ تبدیلیاں ہونی چاہیئں اور یہ رپورٹ ایوان میں آ چکی ہے - لیکن اب جو ہمارے سامنے ترمیم شدہ بل آیا ہے اس میں ان تمام نکات کا نوٹس نہیں لیا گیا اور نہ یہ بتایا گیا ہے کہ کیوں نوٹس نہیں لیا گیا - میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح قانون سازی کو آگے بڑھانا صحیح نہیں ہے - کم از کم

[Prof. Khurshid Ahmed]

سینیٹ میں ہم نے کوشش کی ہے کہ پوری احتیاط کے ساتھ اور کسی اور جذبے سے نہیں بلکہ قانون سازی کو زیادہ سے زیادہ بہتر بنانے، مؤثر بنانے اور مفید بنانے کے لئے ہم تاخیر نہیں کرنا چاہتے - لیکن دوسری طرف ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ ہمارے ہاتھوں سے جو قانون گزرے وہ قانون ہماری کوشش کی حد تک زیادہ سے زیادہ اسلامی اصولوں اور ملکی ضروریات کے مطابق ہو اور اس میں فنی یا substantive معاملات کے اندر جھول نہ رہ جائے -اس پہلو سے میں سمجھتا ہوں کہ اس کو آپ یا تو دوبارہ سلیکٹ کمیٹی کو بھیج دیں یا اس کے لئے سپیشل کمیٹی بنائیں اور میں چاہوں گا کہ اسلامی نظریاتی کونسل سے بھی مشورہ کر لیں اس لئے کہ یہ بڑا serious معاملہ ہے -

جناب چیئرمین : پروفیسر صاحب اس کے لئے کوئی پروسیجر ہوتا ہے -

You have to move some motion.

پروفیسر خورشید احمد :ابھی تو میں دلائل دے رہا ہوں اس کے بعد میں متعلقہ آرٹیکل کے تحت move کرتا ہوں -

جناب چیئرمین : ابھی move نہ کریں

Let me first hear the views. I am not just going to allow anybody to just move anything. اس طرح تو مناسب نہیں ہے - رولز کے مطابق آپ کو کچھ نوٹس دینا ہوتا ہے اور ایوان کو پتہ ہونا چاہیئے کہ کیا ہورہا ہے - آپ نے اپنے خیالات کا اظہار فرما لیا ہے اب let me hear others views.

پروفیسر خورشید احمد : آپ جنرل ڈسکشن کر رہے ہیں تو اس موقع پر ہمیں یہ کہنے کا پورا حق ہے -

جناب چیئرمین : کہنا ضروری ہے لیکن move کرنا مناسب نہیں ہے -

پروفیسر خورشید احمد : ضرورت ہوئی تو میں move بھی کروں گا -

جناب چیئرمین : یحیی بختیارصاحب یہ جو لفظ آپ نے "actually" انٹروڈیوس کیا ہے اگر supposing کسی کوآپ intimation بھیجتے ہیں وہ آدمی وہاں پر موجود نہیں ہے اور اس کے پتہ پر رجسٹرڈ پوسٹ چلی جاتی ہے یا سروس کے جو سی پی سی کے تحت طریقے ہوتے ہیں وہ ہو جاتے ہیں

اس کا کوئی فرق تو نہیں پڑے گا ذرا اس It may not be 'actual' but is 'duly'.
پر غور کر لیں -

Mr. Yahya Bakhtiar: I am thankful for asking me this question Sir. 'Actually', it means under the Supreme Court Rules, that is on record.

جناب چیئرمین : نہیں یہاں پر تو
It covers not only Supreme Court but all courts.

جناب یحییٰ بختیار : یہ تو سپریم کورٹ سے تعلق رکھتا ہے -
This amendment deals with the Supreme Court.
عام کورٹ کا توپہلے سے ہی موجود ہے -

جناب چیئرمین : نہیں نہیں This deals with all courts.

جناب یحییٰ بختیار : نہیں لیکن actually وہاں بھی ہونا چاہیئے - جوایڈووکیٹ ہوگا یا پارٹی ہو گی -

جناب چیئرمین : میں نے کہا ہے کہ Please look into this.

جناب یحییٰ بختیار : میری difficulty جو تھی وہ limited تھی -

Mr. Chairman: Supposing the man has not actually received it but under the law the service has been effected then what happens?

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, that means actually.

Mr. Chairman: That will be actually. OK. Yes Raheem Khan Sahib.I just thought I will bring it to your notice.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب والا ! یہ Representation of the People Act بنیادی طور پر الیکشن سے متعلق ہے اور اس کے بارے میں ہم سب کا تجربہ ہے الیکشن میں قانون کی مختلف جو کمزوریاں ہیں اس سے انتظامیہ نے ، حکمرانوں نے بہت ناجائز فائدہ اٹھایا ہے اس حوالے سے جو ترمیم سیکشن ۶ بلکہ سیکشن ۷ میں ہے بظاہر یہ نظر آ رہا ہے - (on the face of it) کہ وہ آفیسرز یا اتھارٹی جو الیکشن کے دوران اس قانون کی مخالفت کرتے ہیں ان کے اختیارات کمشنر یا کمیشن کو مل رہے ہیں - بظاہر یہ بہت اچھا ہے لیکن ہمارا تجربہ یہ ہے کہ ایڈمنسٹریشن اس کے علاوہ بھی الیکشن میں مداخلت کرتی ہے - ایڈمنسٹریشن اپنی طرف سے تمام الیکشنوں میں جو پولنگ آفیسر ، پریذائیڈنگ آفیسر ، وغیرہ مقرر کرتی ہے اس میں ایسے کام وہ کر لیتے ہیں جو مجموعی طور پر تمام الیکشن کو متاثر کرتے ہیں - ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں کچھ وقت ملے تاکہ الیکشن کمیشن کے اختیارات اورانتظامیہ کی مداخلت کے حوالے سے ہم ذرا زیادہ اچھی طرح اس کو study کر سکیں ، کیونکہ اس میں بہت سی ایسی کمزوریاں ہیں -

Mr. Chairman: Any other view point. Yes, Iqbal Haider Sahib.

Mr. Iqbal Haider: Mr. Chairman, the amendment in the Representation of People Act is of a very substantial nature. Particularly under the present context Sir, many flaws and weaknesses in the law were discovered by the people in the conduct of election and each and every section of the Representation of the Peoples Act came into discussion before the various tribunals as well as the Election Commission. To put it in brief Sir, it is of much more important nature than to be summarily decided in this fashion. I would plead to you that though the Rules require a proper motion well in advance for submission of this Bill to a Committee but under the present circumstances when the Bill was only presented on the evening of day before yesterday and when many of us did not even receive the copy of the Bill, your goodself may relax that requirement of a written motion and accept an oral motion as presented by Prof. Khurshid and Mr. Yahya Bakhtiar and others that this Bill should be discussed by a Committee in depth and we have to have a very in depth study of

this Bill. It is a question of maintaining the trust of the people, it is the question of the sanctity of the ballot which has been very seriously prejudiced and harmed in the last elections and we have to ensure that the sanctity of ballot and the election process is really conducted in an effective honest, impartial, free and fair manner. Thank you very much.

جناب چیئرمین : جناب اعجاز جتوئی صاحب -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب چیئرمین! ہم نے دو الیکشن دیکھے ہیں - ایک 1988ء کا دوسرا 1990ء کا دونوں میں جس طرح کی صورت حال ہمیں نظر آئی اس کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کو جو گورنمنٹ کی طرف سے پیش کیا جا رہا ہے - عمیق مطالعہ کرنے کے لئے ایک کمیٹی کے حوالے کرنا چاہیئے تاکہ تفصیلی جائزہ لے کر ایک بہتر قانون لایا جائے اور آئندہ الیکشن میں ایسی صورت حال سامنے نہ آئے جس میں ہم اتنے helpless ہوں - قانوناً پریذائڈنگ افسروں اور دیگر سٹاف کو جو un-challengable powers دی گئی ہیں ان کو ہم cover کرنا چاہتے ہیں اس لئے میری یہی گزارش ہے کہ اس قانون کے منظور کرنے میں جلد بازی نہ کی جائے - اسے کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اسے مفصل بحث و تمحیص کے بعد بہتر طریقے سے لایا جائے -

جناب چیئرمین : جناب فصیح اقبال صاحب -

سید فصیح اقبال : میں تائید کرتا ہوں کہ اس بل کو بڑے غور و فکر سے بنایا جائے کیونکہ یہ دیکھا گیا ہے کہ جہاں کہیں بھی ایسا مسئلہ پیش آرہا ہو وہاں کبھی بھی انتظامیہ سے انصاف نہیں ملتا - اکثر دیکھا گیا ہے کہ جہاں پر lawenforcement agencies پولیس وغیرہ مامور ہوں وہ لوگوں کی شکایت میں پر بھی کچھ نہیں کرتے اور بڑے غیر موثر رہتے ہیں اور الیکشن اتھارٹی اس معاملے بالکل بے بس ہوتی ہے الیکشن اتھارٹی کے پاس کوئی ایسی فورس ہونی چاہیئے جو مقامی انتظامی ضرورت کے مطابق کام کر سکے ورنہ موجودہ صورتحال میں آپ جتنے بھی فئیر الیکشن کرانا چاہیں اس میں کچھ نہ کچھ percentages of default کا خدشہ ہمیشہ باقی رہے گا - اس لئے میری استدعا ہے کہ اس کو ایک کمیٹی کے سپرد کریں تا کہ الیکشن کا فول پروف انتظام واضح ہو سکے اور دھاندلی یا اس قسم کے واقعات کا انسداد ہو سکے - جو ہمارے امیداور یا ووٹر حضرات کرتے ہیں جس سے مقامی

انتظامیہ متاثر ہوتی ہے - لہذا اس کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے -

جناب چیئرمین : جناب بہرہ ور سعید صاحب -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب دوستوں نے جو پوائنٹ آپ کے سامنے پیش کئے ہیں ان کو سپورٹ کرتے ہوئے میں عرض کروں گا کہ اب یہ بل ڈسکشن کے لئے یہاں آیا ہوا ہے اور ہم ایک بہت اہم ترمیم کرنا چاہتے ہیں لہذا اس کو کمیٹی کے پاس بھیجا جائے - اس سلسلے میں ایک re-call system ہونا چاہیئے اس پرغور کیا جائے تاکہ الیکشن کے بعد بعض ممبران جو عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو betray کرتے ہیں یا ان وعدوں کے مطابق کام نہیں کرتے ہیں یا کسی اور طریقے سے favouratisim کرتے ہیں ان کا مواخذہ کیا جاسکے - اس لئے میری گزارش ہے کہ یہ واقعی ایک اہم بل ہے اس میں جلدی کرنے کی ضرورت نہیں ہے - اگر وقت نکلا جا رہا ہو اور اس کے lapse ہونے کا خدشہ ہو تو ہم اس کو revive کر دیں گے مگر اس کو کمیٹی کے سپرد کرنا چاہیئے تاکہ re-call system کے نافذ کرنے یا ہارس ٹریڈنگ کے انسداد کے لئے خاص تجاویز سوچ کر اس میں incorporate کریں تاکہ آئندہ کے لئے اس کا تدارک ہوسکے -

جناب چیئرمین : حافظ حسین احمد صاحب -

حافظ حسین احمد : شکریہ! جناب میں بھی بہرہ ور سعید صاحب کی تائید کرتے ہوئے یہی گزارش کروں گا کہ اس کی اتنی جلدی بھی نہیں - ابھی تازہ تازہ الیکشن ہوئے ہیں اور مذکورہ قسم کے کوئی خدشات بھی درپیش نہیں ہیں جن کی بنا پر ہم اس بل کو فوری طور پر عجلت میں پاس کریں جہاں تک انتخابات کا تعلق ہے دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ عموماً ہارنے والی پارٹی کہتی ہے کہ الیکشن میں مختلف طریقوں سے دھاندلی ہوئی ہے لیکن پچھلے الیکشن میں جو صورتحال تھی اس کے متعلق اس وقت کے نگران وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی صاحب نے بھی دبے دبے الفاظ میں اور پھر واضح طور پر کہا کہ دھاندلی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ صوبہ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ جناب میر تاج محمد جمالی نے بھی ، جن کا تعلق بھی آئی جے آئی سے ہے ، اپنی پہلی پریس کانفرنس میں نہ صرف اس بات کا واشگاف الفاظ میں اظہار کیا کہ انتخابات میں بھرپور انداز میں دھاندلی ہوئی ہے بلکہ اس سلسلے میں صوبے کے ۱۰ ڈپٹی کمشنروں کو بھی معطل کر دیا - ہم سمجھتے ہیں کہ ہر سطح پر کچھ ایسی باتیں ہوا کرتی ہیں ، اپوزیشن تو کیا حزب اقتدار والے بھی ، کبھی بھول کر یا کبھی کسی وجہ سے یہ اعتراف کر لیتے ہیں - میں یہی بہتر سمجھتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اس پر کافی حد تک غور و خوض کرنے کے بعد کوئی ایسا مسودہ ترتیب دیا جائے جس سے تمام خدشات کا ازالہ ہو سکے -

جناب چیئرمین : جناب محمد علی خان ہوتی صاحب -

Mr. Mohammad Ali Khan: Sir, if we refer this to a committee and in the meantime it lapses, I understand that it will lapse on the 14th of this month, then, what would be the legal position?

جناب چیئرمین : یہ وزیر قانون بتائیں گے ، کوئی اور نقطہ نظر - شہزاد گل صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں -

جناب شہزاد گل : اس بل میں جو ترامیم لائی جا رہی ہیں ان میں ایک خاص ترمیم سیکشن ۹۹ کی ہے جو ممبر کی نااہلیت کے متعلق ہے - ہمیں اب پرانے سیکشن اور اس نئی ترمیم کا جائزہ لینا چاہیئے تا کہ ایسا نہ ہو کہ حکومت کسی خاص شخص کو ، کسی خاص طبقے کو یا کسی خاص پارٹی کے لوگوں کوالیکشن سے باہر کرنے کے لئے یہ ڈسکوالیفیکیشن کی ترمیم لا رہی ہو -

جناب چیئرمین : تو آپ اس کو دیکھیں ناں -

جناب شہزاد گل : یہ چیز دیکھنی چاہیئے اس کو پرکھنا چاہیئے - اس کی سٹڈی کرنی چاہیئے -

جناب چیئرمین : آپ کریں ناں ، جناب اسی لئے آپ یہاں پر آئے ہیں ، آپ اس کی سٹڈی کریں -

جناب شہزاد گل : اس لئے ہماری گزارش ہے کہ اس بل کو سلیکٹ کمیٹی کے پاس یا سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجا جائے -

جناب چیئرمین : یہی تو میں پوچھ رہا ہوں کہ کس رول کے تحت ، وہ بھی تو بتائیں ناں ، اس کو کیسے بھیجا جائے - اس کے لئے موشن تو پہلے آنی چاہیئے تھی - بحث کے دوران تو ایسا نہیں ہوتا ہے - This Bill has been received from the National Assembly. یہ transmit ہوا ہوا ہے - ٹھیک ہے تو جو بل transmit ہوا اس کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ

It does not go as a matter of routine to the Standing Committee. When the motion for consideration is moved one should move as an amendment that this should be referred to the Standing Committee.

وہ تو کسی نے نہیں کیا ہے - اب دیکھتے ہیں کہ وزیر قانون صاحب کیا کہتے ہیں -

Let us have other views on this. Any other views?

پروفیسر خورشید احمد :جناب چیئرمین ! قبل اس کے کہ وزیر قانون صاحب کوئی بات کہیں آپ قاعدہ 111 کوذرا دیکھ لیجئے جواس بارے میں ہے - اس میں کوئی بار نہیں ہے -

جناب چیئرمین : دیکھیں ، میں آپ کو سمجھاتا ہوں 'opening line اس کی یہ ہے

Any Member may move as an amendment........." Now amendment to what? Amendement to the motion for consideration.

پہلے آتا ہے ۱۱۰ اس میں دیکھئے ،

on the day on which the motion for consideration is set down in the Orders of the Day which shall, unless the Chairman otherwise directs, be not less than two days from the receipt of the notice, the Minister or, as the case be, the member giving notice may move that the Bill be taken into consideration."

پھر آتا ہے

Now Any Member may move as an amendment...amendment to that motion.

آپ اس موشن کی amendment move کریں گے کہ جی cosideration میں اس کو نہ لایا جائے - اس کو کمیٹی میں بھیجا جائے وہ تو کسی نے کیا نہیں ہے - اب ہوکیا رہا ہے اگرچہ یہ بل lapse بھی کررہا ہے لیکن یہ کہا جارہا ہے کہ اسے کمیٹی میں بھیجیں -

Let us hear the Law Minister.

پروفیسرخورشید احمد : میں چاہوں گا کہ وزیر قانون صاحب پوری بات بتائیں کہ یہ کب lapse کررہا ہے اوراس سے پہلے کب اس آرڈیننس کو لایا گیا تھا - یہ ساری باتیں بتائیں -

جناب چیئرمین : صحیح ہے یہ ساری تفصیلات آ جائیں گی -

(مداخلت)

جناب چیئرمین : پہلے آپ بات سمجھ لیں کہ پرابلم کیا ہے -اگر تو کوئی urgency نہیں ہے ، پھر اور consideration ہو گی ، اگر urgency ہے تو پھر ایوان کے سامنے ایک اور مسئلہ ہو گا -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : میری گزارش ہے کہ وزیر قانون کو سننے کے بعد پھر ہمیں موقع دیا جائے -

جناب چیئرمین :نہیں ، ایسا نہیں ہو سکتا تاہم دیکھ لیتے ہیں کہ کیا صورت ہے پہلے ہم ان کو سن تو لیں -

چوہدری امیر حسین : جناب والا! پہلے بھی میں نے گزارش کی ہے کہ پچھلے سیشن میں اس بل کی consideration کے لئے motion move ہوئی تھی - اس سیشن سے پہلا جو سیشن ہوا ہے اس میں اس کی consideration جاری تھی - ممبران کی خواہش کے مطابق اس کو postpone کیا گیا اور اس سیشن میں‌اس کو اسی اسٹیج سے لیا گیا - جب consideration کے لئے motion move ہوئی تو اس وقت ہی اعتراض کچھ فاضل اراکین کی طرف سے آیا تھا ، لیکن جناب consideration motion move ہوئے تو کافی وقت ہو گیا ہے - اس میں امنڈمنٹ کی اجازت آج تو نہیں دی جا سکتی جیسے کہ آپ نے بجا طور پر فرمایا ہے -

دوسری گزارش جناب والا ! میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری یہ خواہش ہے کہ آرڈیننس جاری کرنے کی بجائے زیادہ سے زیادہ بل پارلیمنٹ سے پاس کروائے جائیں-جناب والا! آج یہ بل جواس معزز ایوان کے سامنے legislation کے لئے پیش ہوا ہے یہ پچھلے سیشن سے چلا آ رہا ہے ، اس کا پہلا آرڈیننس اگست 1990ء میں ہوا تھا - اس وقت مشکل یہ پیش آئی تھی کہ جنرل الیکشن کے اصل قانون کے مطابق ایک امیدوار کو تجویز اور تائید کے لئے پچاس پچاس آدمیوں کو ہمراہ لانے کی ضرورت تھی - اور یہ آدمی بھی اسی حلقے سے ہونے چاہئیں تھے - اس میں بڑی دشواری پیش آتی تھی - لیکن اس قانون سے پہلے جو قانون تھا اس کے مطابق ایک امیدوار کو اس غرض سے صرف دو افراد کی ضرورت ہوتی تھی

[Ch. Amir Hussain]

کہ ایک تجویز کرے اور دوسرا تائید کرے - یہ ترمیم چونکہ الیکشن کرانے کے لئے ضروری تھی ، اس لئے یہ آرڈیننس جاری کیا گیا لیکن دسمبر 1990ء میں یہ lapse کر گیا - پھر جناب والا! دوسرا آرڈیننس جاری کرنا پڑا جو کہ اس ماہ کی 14 تاریخ کو lapse ہو رہا ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی اور سینیٹ کے دنوں ایوان in session ہوں تو آرڈیننس جاری کرنے کو discourage کرنا چاہیئے -

دوسری گزارش یہ ہے کہ اس میں کوئی ایسی ترمیم نہیں کی گئی ہے جو کہ disputed ہو یا خدانخواستہ کسی کو اس سے نقصان پہنچتا ہو ایک اچھی بات کی گئی ہے جیسے کہ ایک فاضل سینیٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ پہلے یہ ہوتا تھا کہ ضلعی انتظامیہ یا برسر اقتدار حکومت دھاندلی کر لیتی تھی - سرکاری ملازمین اسکے ماتحت ہوتے تھے تو الیکشن کمیشن یا چیف الیکشن کمشنر کے پاس کوئی اختیار نہیں ہوتا تھا - وہ ڈپٹی کمشنر کلکٹر یا اے سی یا انتظامیہ کے کسی عملہ کے خلاف کچھ نہیں کر سکتا تھا جو حکومت کے کہنے پر دھاندلی کرتے ہیں - اس لئے کمیشن کو یہ اختیار دے دیا گیا تو آپ نوٹ فرمائیں گے کہ سیکشن 7 کا سب سیکشن (6) اور (7) کا اضافہ کیا گیا جو کہ پہلے نہیں تھا اب ان کے پاس یہ اختیار ہو گا اور وہ انتظامیہ کے خلاف ایکشن بھی لے سکتے ہیں سزا بھی دے سکتے ہیں ان کو معطل بھی کر سکتے ہیں - اس لئے جناب والا! میں گزارش کرتا ہوں کہ اسے زیر بحث لایا جائے -

جہاں تک سیکشن 89 کا تعلق ہے ایک فاضل دوست نے جیسا کہ اس کے بارے میں فرمایا ہے اس کے متعلق قطعاً کسی قسم کے خدشہ کی کوئی بات نہیں ہے - اصل میں جناب والا! بات یہ تھی کہ اصل ایکٹ کے تحت جو disqualifications اور qualifications تھیں ، اور آئین کے تحت آرٹیکل 60 میں جو qualifications or disqualifications تھیں ، ان میں آپس میں تھوڑا سا تضاد تھا ویسے بھی یہ بات درست نہیں ہے کہ آئین میں کوئی اور بات ہو اور ایکٹ میں کچھ اور ہو - آئین میں disqualifications اور ہوں اور ایکٹ میں کچھ اور ہوں چنانچہ آئین کے تحت جو qualifications اور disqualifications تھیں ، وہ اس میں insert کر دی گئی ہیں -

جناب والا ! یہ legislation فائدہ مند ہے اسلئے جناب والا! میں گزارش کروں گا کہ چونکہ یہ lapse ہو رہا ہے اور ہمیں بھی یہ اچھا نہیں لگتا کہ اس کے لئے تیسرا آرڈیننس جاری کریں اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اس کو پاس کیا جائے -

جناب چیئرمین : اب یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ یہ 14 مارچ کو lapse کر

ہے اور اس میں آپ نے -----

چوہدری امیر حسین : جناب والا اسی ماہ کی ۱۴ تاریخ کو ، ----

جناب چیئرمین : اسی ماہ کی ۱۴ تاریخ کو یعنی اپریل کی ۱۴ تاریخ کو so, consideration پہلےso this is the position. Now, I will put various clauses. motion carry ہوچکا ہے -

پروفیسر خورشید احمد : پہلے عام بحث ہونی چاہیئے -

جناب چیئرمین : یہ عام بحث ہی ہو رہی ہے - On that motion for consideration

پروفیسرخورشید احمد : جناب والا ! عام بحث کی کسی اسٹیج پر کیا یہ بات ممکن ہے کہ اگر یہ بات سامنے آ جائے کہ اس بل کو مزید examination کی ضرورت ہے تو اسے کمیٹی کے سپرد کیا جا سکے - ذرا آپ کلاز ۸۸ کو دیکھیں -

جناب چیئرمین : کلازز تو ساری موجود ہیں - لیکن پروفیسر صاحب سوال یہ ہے کہ اس اسٹیج پر under what Rules are you going to move it یعنی سوائے اس کے کہ آپ rules suspend کریں -

Are you going to keep suspending the Rules. Then why do we have the Rules.

یعنی مقصد یہ ہے کہ

there is an urgency in this legislation. It is to be passed by 14th otherwise the Bill will lapse and you will have to again resort to Ordinance making power.

اب اگر آپ چیزوں کو بروقت کریں تو ٹھیک ہے - پچھلے سیشن میں یہ move ہوا تھا تو اس وقت آپ کہتے کہ اسے سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیا جائے - پرسوں میں نے پھر کہا ہے کہ اگر آپ اس میں کوئی ترمیم دینا چاہیں تو وہ move کردیں - اب ہم اگر کمیٹی میں بھیجیں گے تو کیسے یہ بل پاس ہوگا -

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا! ہم یہ خود نہیں چاہتے کہ آرڈیننس کے

[Prof. Khurshid Ahmed]

ذریعے یہاں قانون سازی ہو اور نہ ہی ہم یہ چاہتے ہیں کہ بار بار قواعد معطل کئے جائیں لیکن آپ ذرا یہ بات سامنے رکھیں کہ سینٹ کا موجودہ سیشن اس وقت کے لئے scheduled نہیں تھا - اس لئے ہم اس بات کے لئے prepared نہیں تھے - ہم یہ توقع رکھتے تھے کہ سینٹ کا سیشن رمضان کے بعد ہو گا - اپریل کے آخر میں یا مئی میں ہوگا - میں یہ بھی مؤدبانہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ حکومت سے مشورہ کرکے پورے سال کا شیڈول بنا لیجئے تاکہ ہمیں معلوم ہو جائے کہ کون سا بزنس کب آ رہا ہے تاکہ ہم تیاری کرکے آئیں - ان معاملات کے اندر ہم نے کبھی بھی غیر ذمہ داری کا ثبوت نہیں دیا - ہم نے ہمیشہ حکومت کے ساتھ تعاون کیا ہے - لیکن آپ اس بات کو سامنے رکھیئے کہ یہ سیشن اتفاقی طور پر بلایا گیا ہے ، پہلے سے تیاری کے لئے ہمارے پاس کوئی نوٹس نہیں تھا- نہ ہی پتہ تھا کہ کون سی چیزوں کو اجلاس میں آنا ہے بلکہ لطف کی بات یہ ہے کہ جو ایک عام قاعدہ ہے ، ایک سیشن کے ختم ہونے کے بعد پنڈنگ جو کام ہوتا ہے اس سے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے تاکہ وہ recess کے وقت میں تیاری کرلیں ہمیں اس سیشن کا نوٹس پہلے نہیں ملا ہے اور جو pending کام ہے اس کے متعلق معلومات اسکے کال ہونے کے ایک دن بعد ملیں - اس غیر معمولی صورتحال میں ہم اس پوزیشن میں نہیں تھے کہ اتنے اہم بل پر فوراً یہ ساری چیزیں examine کرسکتے -

میں ایک اور بات یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ عام حالات میں بلاشبہ سینٹ کی یہی پوزیشن جس میں continuity ہے change کے ساتھ ، لیکن جب بھی یہ پوزیشن آئے کہ تین سال کے بعد ایک نیا انتخاب ہوتا ہے تو اس موقع پر سینٹ کی انتظامیہ کو بھی یہ بات سامنے رکھنی چاہیئے کہ جو نئے ارکان آئے ہیں pending business کے بارے میں انہیں بھی بریفنگ ہو جائے ان کو سارے documents مل جائیں تا کہ وہ اپنی تیاری کرلیں، ایسی کوئی چیز نہیں ہوئی ہے اس وقت یہ غیر معمولی صورتحال ہے ایک یہ کہ یہ سیشن غیر متوقع ہوا ہے دوسری بات یہ ہے کہ اسی زمانے میں اراکین کی ایک بڑی تعداد سینیٹ میں نئی induct ہوئی ہے جو ماضی کے ----

جناب چیئرمین : یہ ساری باتیں درست ہیں اب تک جو کچھ ہو رہا ہے رولز کے مطابق ہو رہا ہے اگر یہ urgency نہ ہوتی تو پھر it should have been different اگر یہ بل ۱۴ تاریخ تک پاس نہیں ہوتا تو پھر کیا ہوگا ؟

پروفیسر خورشید احمد : میں عرض کرتا ہوں میں نے اسی لئے یہ بات سوچی تھی کہ اگر یہ بات بتا دی جائے کہ اس آرڈیننس کی تاریخ کیا ہے اسکی تاریخ پیدائش جو ہے وہ اگست ۹۰ نہیں یہ پچھلے تین سال سے roll on ہو رہا ہے اور اسکے اندر ایسے

زمانے بھی گزرے جبکہ یہ lapsed تھا - اور خود یہ بھی ۲۶ اگست کو پہلے آیا تھا - ۲۶
دسمبر کو lapse ہوگیا - اسکے بعد پھر ۱۴ جنوری کو غالباً دوبارہ اسے جاری کیاگیا ہے اور بیچ
میں دو یا تین ہفتے ایسے تھے کہ جن میں یہ lapsed تھا - اور یہ آنکھ مچولی پچھلے تین
سال میں کئی بار ہوئی ہے - اگر ایک بار اور ہوجائے گی تو کیا حرج ہے ؟

جناب چیئرمین : اب یہ پوزیشن مختلف ہے

It is different now. Now it has been passed by the National Assembly and transmitted to the Senate. If the Bill is not passed within 90 days of the receipt by the Senate then it goes to a joint sitting which is another problem.

کہ آپ خصوصی طور پر مشترکہ اجلاس بلائیں اس میں یہ پاس کریں - یہ نہیں کہ آپ
آرڈیننس lapse ہوجانے کے بعد اسے دوبارہ revive کر سکتے ہیں Now it is a
different matter altogther. جی یحییٰ بختیار صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, we are new, we were not aware of this. This is a very important Bill and I believe that in the National Assembly also the opposition was not there. So, I would request that even if an Ordinance is repeated, I don't like....

(interruption)

Mr. Chairman: How? How? It then has to go to a joint sitting.

Mr. Yahya Bakhtiar: No. No, as an Ordinance it can lapse.

Mr. Chairman: No. No, it is not the lapsing of an Ordinance, now it has been passed by the National Assembly.

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! دیکھیئے پوزیشن یہ ہے کہ ایک بل جب
قومی اسمبلی سے سینٹ میں آجائے اور سینٹ اسے مسترد کر دے تب وہ مشترکہ اجلاس میں
جائے گا -

جناب چیئرمین : میں آپ کو آرٹیکل ۷۰ شق ۲ پڑھ دیتا ہوں -

"If a Bill transmitted to a House under clause (1) is rejected or is not passed within ninety days of its receipt or is passed with amendment, the Bill, at the request of the House in which it originated, shall be considered in a joint sitting."

So, it is not just the lapsing of an Ordinance.

پروفیسر خورشید احمد : ابھی ۹۰ دن نہیں ہوئے ہمیں ابھی ملا ہے - یہ پوچھ لیں کہ کب آیا ہے یہاں -

جناب چیئرمین : پوچھ لیتے ہیں ------

پروفیسر خورشید احمد : اچھا جناب چیئرمین ! ایک اور قانونی نکتہ آپ کی توجہ کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اگر کوئی بل ابھی ایکٹ نہیں بنا اور پارلیمنٹ کے process کے اندر ہے تو میرے علم کے مطابق دستور میں کوئی چیز مانع نہیں ہے جس کی بنا پر اگر وہ بل ایکٹ نہیں بنا ہے اور process میں ہے اور ضرورت محسوس ہوتی ہے اور پارلیمنٹ in session نہیں ہے تو اس بارے میں آرڈیننس جاری کیا جا سکتا ہے -

جناب چیئرمین :اچھا پھر ٹھیک ہے ٹائم ہے ------

چوہدری امیر حسین : نہیں جناب میں گزارش کرتا ہوں - جناب جب بل transmit ہوتا ہے اور motion for consideration move ہو جاتی ہے اگر اس وقت اس موشن میں ترمیم move نہیں کی جاتی اور میرے خیال میں مہینہ ڈیڑھ مہینہ ہو گیا ہے جناب والا جب میں نے اس پر تھوڑا سا عرض کیا تھا تو اس کے بعد پھر محض اس لئے کہ مناسب وقت پر ترمیمات کی motion قواعد کے تحت move نہیں کی گئی اور آج پھر رولز بھی اجازت نہیں دیتے کہ ترمیم move کی جائے - پھر پہلے ہم خود اعتراض کرتے ہیں کہ آرڈیننس کی وساطت سے قانون سازی نہیں ہونی چاہیئے اور آج ہم خود کہیں کہ ٹھیک ہے ہم اس کو پاس نہیں کرتے اور آپ آرڈیننس جاری کر لیں تو جناب والا ! یہ مناسب نہیں لگے گا - آپ ملاحظہ فرما لیں کہ مہینہ ڈیڑھ مہینہ سے یہ ان

کے پاس ہے اور اب بھی تین دن سے بل فاضل ممبران کے پاس موجود ہے اگر کوئی ایک کلاز یا سیکشن یا سب کلاز یہ ایسی دیکھتے ہیں کہ اس میں confusion ہے یا غلط ہے اس پر گزارش میں کر دیتا ہوں لیکن یہ اچھی روایت نہیں ہو گی کہ پارلیمنٹ خود یہ encourage کرے کہ آرڈیننس کے ذریعے قانون سازی کی جائے -

جناب چیئرمین : جی جناب جتوئی صاحب -

جناب اعجاز علی خاں جتوئی : جناب چیئر مین ! میری یہ گزارش ہے کہ ہم بیورو کریسی کی مدد کرنا چاہتے ہیں - جب یہ بل قومی اسمبلی سے یہاں آیا تھا اس وقت ہمارا آدھا ہاؤس ریٹائر ہو رہا تھا اور نئے آنے والوں کے لئے انتخابی عمل جاری تھا - جناب والا! اس وقت یہاں ساری سیاسی پارٹیوں کی نمائندگی ہے یہ بہت اہم بل ہے۔حکومت کی یہ مشکل ہم سمجھتے ہیں کہ یہ lapse ہو رہا ہے - ہم بھی ان کی مدد کرنا چاہتے ہیں اور یہاں اسی لئے بیٹھے ہیں تاکہ اچھے قانون کے لئے ان کو مشورے دیں - ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ وہ اس پر rigid نہ ہوں اگر آپکے پاس وقت ہے تو مشترکہ اجلاس میں ریفرنس کرنا پڑے گا لہٰذا اسے اگلی نشست پہ رکھیں اور کمیٹی ----

جناب چیئرمین : نہیں اس میں مجھے ایک اور دقت نظر آرہی ہے وہ یہ ہے کہ مارچ میں یہ یہاں ٹرانسمٹ ہوا ہے جس کا مطلب ہے کہ جون تک وقت ہے اور جس آرڈیننس کے ذریعے یہ قانون سازی ہوئی ہے اس کی زندگی چار مہینے ہے اگر وہ آرڈیننس چار مہینے کے دوران قانون نہیں بنتا تو پھر ۱۴ اپریل کے بعد یہ قانون نافذ نہیں رہے گا - اگر اس دوران کوئی الیکشن ہو رہا ہو ۔----

چوہدری امیر حسین : جی ہاں ہو رہا ہے جھنگ میں ضمنی الیکشن ہو گا -

جناب چیئرمین : اچھا ضمنی الیکشن ہو رہا ہے تو اس صورت میں پھر کیا ہوگا - There will be no law to cover that. لہٰذا آپ پر یہ بڑی ذمہ داری ہے اگر آپ vacum چھوڑتے ہیں تو کوئی قانون نافذ نہیں ہوتا جس کے تحت وہ الیکشن cover ہوگا -

جناب اعجاز علی خاں جتوئی : جناب جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے جھنگ میں یہ صورتحال ہے کہ الیکشن کمشنر نے ساری پارٹیز کو بلایا ہے اور وہاں شاید اس

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

صورت حال میں الیکشن نہ ہوں -----

جناب چیئرمین : جی وہ تو پتہ نہیں we don't know that.

جناب اعجاز علی خاں جتوئی : جی میری عرض ہے کہ آپ ایک قانون بنا رہے ہیں -----

جناب چیئرمین : وہ تو صحیح ہے لیکن آپ پر ذمہ داری عائد ہوتی تھی - آپ تو یہاں پر موجود تھے - آپ کو بر وقت اس پر ترمیم move کرنی چاہیئے تھی -

جناب اعجاز علی خاں جتوئی : ہمارا اس وقت ایک انتخابی عمل چل رہا تھا - آپ کو پتہ ہے کہ -----

جناب چیئرمین : آپ کا تو نہیں چل رہا تھا ہمارا چل رہا تھا -

جناب اعجاز علی خاں جتوئی : جناب میری عرض ہے کہ اس پر rigid نہ ہوں -

جناب چیئرمین : نہیں میں rigid نہیں ہو رہا ہوں -

I am putting up the difficulties which come to my mind to the House.

یہ معاملات آپ کے سامنے ہیں - میں rigid نہیں ہو رہا ہوں - مجھے آپ رولز بتائیں گے جس کے تحت ایسا ہو سکتا ہے - میں وہ put کر دوں گا -

جناب اعجاز علی خاں جتوئی : ہم نے عملی طور پر الیکشن میں حصہ لے کر یہ مشکلات دیکھی ہیں - انتظامیہ اور الیکشن سٹاف کے درمیان بہت تنازعہ رہتا ہے - آخری وقت میں جج صاحب نے میرے حلقۂ انتخاب میں پولنگ آفیسر تبدیل کر دیئے - اب اس وقت وہاں کون تھا جس کے پاس شکایت کرتے - بڑی عجیب صورتحال وہاں ہو جاتی ہے - لہٰذا عملاً یہ دیکھنے کے بعد ہم عرض کرتے ہیں کہ اگر یہ کر سکیں تو کر دیں وگرنہ ہاؤس کو put کریں یا رولز معطل کریں یا جو کچھ ہو سکتا ہے کر دیں -

Mr. Chairman: No. No, I will follow the procedure.

میں **put** کر دوں گا ہاؤس منظور کرے نہ کرے - محمد علی خان صاحب ! آپ کیا کہتے ہیں
اس پر You are the Leader of the House here.

Mr. Muhammad Ali Khan: Sir, the Government is facing difficulties and I feel that it is absolutely an unwarranted assumption that the election in Jhang would be postponed. So, If there comes an election and we don't have any rules whatsoever, I don't know what is going to happen. My first question was that supposing this is sent to the committee as has been said by some of my friends here and in the meantime it lapses, can the committee discuss a Bill which has already lapsed. So, these are the difficulties, the best thing would be that you put it to the House.

Mr. Chairman: Okay. Prof. Khurshid Ahmed Sahib.

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین! قبل اس کے کہ کوئی فیصلہ کریں میں دو باتوں کی طرف اشارہ کروں گا -

جناب چیئرمین : نہیں فیصلہ میں نے نہیں کرنا آپ نے کرنا ہے -
I will put all the clauses to the House.

پروفیسر خورشید احمد : آپ فیصلے کے لئے ہماری طرف رجوع فرمائیں - پہلی چیز یہ کہی گئی ہے کہ اگراسے اس وقت پاس نہ کیا جائے تو یہ کالعدم ہو جائے گا - میرے خیال میں یہ بات شاید حقائق سے ہم آہنگ نہیں - صورتحال یہ ہے ۱۹۷۶ء کا ایک قانون statute book میں موجود ہے - اس میں آپ نے کچھ ترامیم کی ہیں - اگر lapse ہوں گی تو وہ صرف ترامیم ہوں گی پورا قانون تو lapse نہیں ہو گا - میں مثال دیتا ہوں کہ قانون میں جو پہلے ترمیم ہوئی تھی اس کے تحت کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے لئے پچاس افراد کی موجودگی ضروری تھی ، موجودہ ترمیم کے ذریعے آپ نے اسے اب دو افراد کر دیا ہے، بڑا اچھا کیا ہے - میں بھی اس کی تائید کرتا ہوں - لیکن سوال یہ ہے کہ یہ دو

[Prof. Khurshid Ahmed]

افراد والی ترمیم جو ہے اگر lapse ہو جائے تو یہ ہو گا کہ آپ کو کاغذات نامزدگی داخل کرانے کے لئے پچاس آدمیوں کی ضرورت پڑے گی - ایسا نہیں ہے کہ کوئی قانون موجود ہی نہیں ہو گا -

جناب چیئرمین : کچھ چیزیں تو cover ہو جائیں گی اور کچھ رہ جائیں گی مثلاً الیکشن کمیشن کا اختیار to control the functioning of the lower staff یہ ختم ہو جائے گا

پروفیسر خورشید احمد : مجھے اتفاق ہے یہ نئی چیز ہے - یہ نہیں آئے گی -

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے - پھر اس کے بعد identification کے بارے میں کچھ provisions ہیں جو identity of the voter کے بارے میں ہیں وہ ختم ہو جائیں گی - ابھی میں نے تفصیل سے اس کو نہیں دیکھا ہے -

پروفیسر خورشید احمد : اس میں چند چیزیں بہت اچھی ہیں ہم ان کی تائید کرنا چاہتے ہیں -

جناب چیئرمین : چند چیزیں ہیں جن میں یہ void ہو گا -

پروفیسر خورشید احمد: void اس معنی میں نہیں ہو گا -

جناب چیئرمین : اس معنی میں ہو گا کہ کچھ چیزیں جو آپ نے انٹروڈیوس کی ہیں جو بظاہر اچھی لگتی ہیں وہ نہیں ہوں گی -

پروفیسر خورشید احمد : آپ دیکھیں کہ چوائس یہ ہے کہ ہم اگر اس وقت اس قانون کو پاس کر دیتے ہیں ------

جناب چیئرمین : دراصل آپ نے بروقت رولز کے مطابق move نہیں کیا - آپ کے views سب کے سامنے ہیں - I will now put it to the House let the House decide.

جی جناب اقبال حیدر صاحب -

Syed Iqbal Haider: Point of order. I beg to differ on the point of void that there wil be a void if the Ordinance lapses; then those provisions which are being enforced through the amendments will not be available and your view is that a void would be created.

جناب چیئرمین : No, No, void in this sens. کہ مثلاً یہ جو ہے -
سیکشن 2 میں آپ کر رہے ہیں ------

Syed Iqbal Haider: The point I was making Sir, is simple one that the Chief Election Commissioner has got an inherent discretionary power that on many issues where the law does not spell out the procedure he can prescribe the manner and procedure for conduct of the election. So, those provisions which under the People's Representation Act.....

Mr. Chairman: No, no

Syed Iqbal Haider: Of course Sir.

Mr. Chairman: Anyhow that is your view.

Syed Iqbal Haider: Another point Sir with regard to urgency there seems no appearent urgency unless the Assemblies are being dissolved and fresh elections are being held because if this Bill is not passed and no new Ordinance is enforced for example, then no harm will be caused to the nation because no general election is taking place. So, the Act will not be used in any case. So, no prejudice, loss or harm to the nation or the people will occur if any delay takes

[Syed Iqbal Haider]

place in passing this Bill. This is my point.

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Qazi Sahib.

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین اپوزیشن اور حکومتی پارٹی کے ممبروں کی طرف سے یہ بات آپ کے سامنے آ گئی ہے کہ یہ اہم بل ہے اور اسے consider کرنے کے لئے مختلف وجوہات کی بنا پر مناسب موقع نہیں ملا - اجلاس بھی اچانک بلایا گیا ہے چونکہ یہ بڑی اہمیت کا حامل ہے اسلئے consensus یہ ہے کہ اس پر زیادہ غور و خوض کرنے کے لئے موقع ملنا چاہیئے - اگر آپ اس وقت اسے ایوان کے سامنے پیش کریں گے تو یہ گورنمنٹ اور اپوزیشن کا مسئلہ بن جائے گا - ایوان کا consensus آپ کے سامنے ہے - بہت سے اراکین نے اپنی رائے ظاہر کر دی ہے کہ اس پر غور کے لئے ہمیں مزید وقت ملنا چاہیئے - وقت دینے میں کوئی دقت بھی نہیں ہے -lapse بھی ہو جائے تو فوری طور پر کوئی الیکشن نہیں ہونے والے ہیں - جھنگ کا ضمنی الیکشن ہے وہ بھی مشکوک ہے کہ ہو گا یا نہیں ہو گا اور ہم اس مہینے میں پھر ملنے والے ہیں - اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ ایوان کے سامنے put نہ کریں - اس میں ڈویژن کا مسئلہ پیدا نہ کریں بلکہ آپ خود فیصلہ کر لیں -

جناب چیئرمین : ڈویژن تو ایوان میں ہو گی - اپوزیشن پارٹی بھی ہے - ڈویژن تو ہو گی -

قاضی حسین احمد : ہو گی لیکن ہم نہیں چاہتے کہ اس طریقے سے ہو -

جناب چیئرمین : ذرا حسن اے شیخ صاحب کو سن لیں - وہ کیا کہتے ہیں -

Mr. Hasan A. Shaikh: The matter in question is that this should be kept alive after the 14th of this month. If the rules do not provide for that then the only thing that can be done is that the House should take the decision and if Qazi Sahib and Professor Sahib think otherwise we are trying to pursuade them but if they refuse to be pursuaded then it is for them to decide.

جناب چیئرمین : جناب وزیر قانون صاحب -

چوہدری امیر حسین : جناب والا! میں فاضل ممبران کی رائے کا احترام کرتا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ جناب نے بھی درست طور پر فرمایا کہ رولز تو اجازت نہیں دیتے لیکن اگر میرے رفقاء یہ سمجھتے ہیں کہ ان کو مزید غور کے لئے وقت ضرور چاہیئے تو پھر اسے اگلے اجلاس تک کے لئے ملتوی کر دیں -

Mr. Chairman: Then this stands postponed to the next session with the consent of the House.

(interruption)

Mr. Chairman: No, let us not break every law in the book

اگر آپ نے کوئی rule suspend کرانا ہے تو باقاعدہ نوٹس دیں اور اسے باقاعدہ ایجنڈے پر لائیں - اس طرح میں اجازت نہیں دوں گا - وہ تو ٹھیک ہے کہ تحریک التوا تھی تو درگزر کر لیا لیکن

when legislation is under consideration I will follow the rules and you must give proper notice on every motion that you want to move. So that all your colleagues come to know that this is going to come up and they are prepared for it. یہ ٹھیک نہیں کہ آپ ادھر سے کاغذ نکالیں کہ میں یہ rule suspend کراتا ہوں -

I am not going to allow that. Next item No.7.

THE PARLIAMENT AND PROVINCIAL ASSEMBLIES (DISQUALIFICATION FOR MEMBERSHIP) ORDER, 1977 - PASSED

چوہدری امیر حسین : جناب یہ موو ہو گیا تھا -

جناب چیئرمین : یہ موو ہو گیا - کنسیڈریشن موشن بھی منظور ہو گئی تھی یا

[Mr. Chairman]

نہیں ؟

پروفیسر خورشید احمد : کنسیڈریشن کے لئے موشن موو نہیں ہوئی تھی جہاں تک مجھے یاد ہے - بہرحال چیک کر لیں -

Mr. Chairman: Any other views on this Bill? Mr. Yahya Bakhtiar.

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, the amendments have to be sought in P.O.XVI and XVII of 1977 but before we go to these Presidential Orders I will respectfully draw your attention that where are those Acts IV and V of 1977 which are sought to be repealed in the same Bill. Now, Sir, I would request the honourable Minister to see what we are passing and what we are repealing.

I would request that the Chairman may kindly have the Act IV and V of 1977 before him. They have not been supplied.

(pause)

Mr. Chairman: The amendment is being done in Clause (3) of Section 3.

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, I am not going to these amendments first. I respectfully draw your attention to Clause (4), an addition of new Section 12.

Mr. Chairman: Now, we are dealing with the Bill further to amend the Parliament and Provincial Assemblies (Disqualification for Membership) Order, 1977.

جو اس میں amendment ہو رہی ہے وہ سیکشن ۳ میں ترمیم ہے -

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, I am fully aware of it. What I was requesting you is that there is already a law on the subject passed by the Parliament-----on both the subjects------disqualification and punishment for misconduct. Now those Acts were passed by the Parliament - those are sought to be repealed and these Presidential Orders made under Martial Law are being enacted. So, I would like to draw your attention to the difference between the two as to why they are being repealed. That is why I requested you to kindly have these Acts IV and V of 1977 before you. Because this is a very important issue and the differences are of vital importance. As you observed and as the Presiding Officer Brig. (Retd.) Abdul Qayyum Khan said that we have to be very careful. We have to uphold the dignity of this House and we have to have proper checks on what the National Assembly passes. Now, I will draw your attention to some of the differences between the two laws.

Ch. Amir Hussain: Mr. Chairman, Sir, may I say on this?

Mr. Chairman: Let him (Mr. Yahya Bakhtiar) comment first on this.

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, the honourable Minister has given a statement of objects and reasons. Now, if you will see clause (c) of that statement of objects and reasons, he says:

> Repeal the Voters or Representative Offices Prevention of Mis-conduct Act, 1976 and the Provincial Assemblies Disqualification for Membership) Act of 1976."

[Mr. Yahya Bakhtiar]

Why? No reasons have been given. For other things he has been giving reasons, but no reanson why an Act of Parliament should be repealed and replaced by a Martial Law Order enacted by this House. Now, I will request you to kindly see which is more beneficial for the citizens. As far as its purpose is concerned, it was that certain persons in the previous government were considered to be corrupt, guilty of misconduct and their cases have been referred to various special courts. Today, there are 18 references pending against the Pakistan People's Party. Seven of them are against Ms. Benazir Bhutto and 11 against others. Tomorrow, these very references would be brought against others also, against you Mr. Chairman) also and those who are heading IJI also. So, we have to dispassionately consider whether we should adopt these amendments or we should allow the repeal of those Acts. I will beg you to bear with me the certain differences between the two laws. Sir, PO XVI and XVII were made on the 13th of November, 1977. You would recall Sir, that on the 10th of November,1977, the Supreme Court gave the famous decision in Bagum Nusrat Bhutto's case in which it was stated that the CMLA will have the power to make laws and he would have the power of the Prime Minister and even the power to amend the Constitution. After that, these two laws were made. If you call them laws those two Presidential Orders were made by the CMLA of course in the name of the President under the Constitution, 1973, which was suspended. After that Sir, in Acts No. IV and V, I think, you have got these before you, the referring authority is the Prime Minister. Why? Because he is the Chief Executive under a Parliamentary system. If his Ministers, Parliamentary Secretaries, MNAs, Attorney General, Advocate Generals all these people are guilty of misconduct he is the boss, he has to make a reference. What the Chief Martial Law Administrator wanted was that the President under the Interim----------------------

Constitution, the Prime Minister under the permanent Constitution of 1973, should also be brought in. Therefore, the powers are given to the President to make a reference. Now, is it proper in the Parliamentary system to give that power to the President? Now, if this power is given to a person today, it will be Prime Minister because it is not the discretion. Now,, is it proper that a Prime Minister should make a reference agaisnt himself or will he do it?

جناب چیئرمین : آپ کی باتیں تو ساری ٹھیک ہیں

but the topic under discussion, I think, is quite different from that what you are saying.

Mr. Yahya Bakhtiar: No, Sir. I say, why should he repeal them? Why these should be repealed? This is being sought by this Bill, therefore, I oppose it.

جناب چیئرمین : وہ ٹھیک ہے لیکن اس ترمیم میں تو یہ چیزیں نہیں آ رہیں -

جناب یحیی بختیار : میں اس پہ بھی آرہا ہوں

Kindly bear with me.Now,I will draw your attention to the difference between the two laws. I will only take the disqualification laws, not laws for punishment for mis-conduct but disqualification for mis-conduct. Because these are the references pending today. Now, their mis-conduct means bribery and corruption and if you (Mr. Chairman) kindly see the present law which they want to bring and make it a law in Parliament.....

Mr. Chairman: Law Minister on a point of order.

چوہدری امیر حسین : جناب والا! رولز کے تحت جو سیکشن ایوان کے سامنے ہے اس کے متعلق کوئی ترمیم یا نئی چیز ہو تو زیر بحث لائی جا سکتی ہے لیکن یہاں دو laws کا موازنہ کیا جا رہا ہے - میں کہتا ہوں کہ جو سیکشن ہم insert کرنا چاہتے ہیں یا جس کو omit کرنا چاہتے ہیں اس میں اگر انہوں نے کوئی ترمیم دی ہے یا general discussion میں بات کی ہے تو ٹھیک ہے I have great regard for him ہے لیکن اب وہ سیکشن ۳ کی ترمیم پر بات کریں کہ اس میں کیا ہے - جناب والا! اس وقت یہ زیر بحث لانا relevant نہیں ہوگا کہ ایکٹ iv اور v اور پی سی او نمبر ۲۰۷ کس نے جاری کئے تھے یا کس نے پاس کئے تھے - میں جناب والا! یہی گزارش کرنا چاہتا تھا -

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, it is one Bill. He is putting the cart before the horse. He wants to repeal a law made by the Parliament and then brings his Bill.

جناب چیئرمین : بہر حال یحییٰ بختیار صاحب پوائنٹ ان کا relevant ہے -

I hope you will come directly to the amendments which are being considered now.

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, about amendments I would say that where two or more special courts have been established and the Supreme Court is satisfied for the general convenience of the parties or witnesses or for dispensation of justice it is expedient to do so, the Supreme Court may direct that a case specified by itself stands transferred from one special court to another. In respect of the case referred to a special court under clause (1), such special court shall not by reason of the said transfer, be bound to recall or hear any witness who has given evidence in the case before the transfer of the case and may act on the evidence already recorded or produced before the special court from which the case is transferred. Now, Sir, what

happened was actually...

Mr. Chairman: You (Mr. Yahya Bakhtiar) see what has happened is thatunder section 3 which reads that the President may....

(interruption)

چوہدری امیر حسین : جناب والا! اس میں شاید کوئی confusion ہو گیا ہے -

Mr. Chairman: There is some confusion.

چوہدری امیر حسین : جناب سیکشن ۶ کنسڈر ہو رہا ہے اور (a) 6 نیا سیکشن insert ہوا ہے -

Mr. Chairman: But the Bill before me is that the Bill further to amend the Parliament and Provincial Assemblies (Disqualification for Membership) Order, 1977.

کیا یہ نہیں ہو رہا ہے ؟

چوہدری امیر حسین : دونوں کا ایک ہی نام ہے -

(مداخلت)

Mr. Yahya Bakhtiar: I am going to P.O. 17 first and 16 later because it is not relevant at all.

Mr. Chairman: Sorry. I think there is some confusion in my file.

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, I am sorry, I am responsible for

[Mr. Yahya Bakhtiar]

that confusion because as I submitted I am taking up P.O. 17 first that pertains to disqualification on grounds of mis-conduct and not punishment.

Mr. Chairman: I am sorry there was confusion in my file. Now I have the correct one. Clause (2) is insertion of new 6(a). Is not it?

Mr. Yahya Bakhtiar: No Sir, and I beg again to consider my request after we have gone through these clauses.

Mr. Chairman: A new article is being added 6(a) which deals with transfer of cases.

جناب یحییٰ بختیار : یہ add کریں یعنی ایک اور بھی add کر رہے ہیں وہ جو کلاز (۲) میں ہے یعنی Repeal of two laws

They have to be read together; what are we repealing and what has been replaced by this; that law has already catered for everything; that is made by Parliament. That is why I wanted to draw your attention that this law, as it existed made by the Parliament, pertains to the holders of representative offices, eg the Ministers, the Parliamentary Secretaries, the MNAs, MPAs, Senators. If they are guilty of mis-conduct, I repeat Sir, if they are guilty of mis-conduct in the first place as I have submitted, mis-conduct means corruption and bribery nothing more than that under the Act 17 of 1977. Now, it gives so much discretion to the Special Court to define mis-conduct. Sir, it says: "If corruption and bribery" now in this P.O. 17 it says: "mis-conduct after December 1970 and includes bribery corruption, favouritism, nepotism, wilful mal-administration, diversion of public

moneys and any other abuse of whatsoever kind of power or position."

Sir, I would request you to kindly have a look at it. It says: any other abuse of whatsoever kind of power or position or any other attempted abetment of such mis-conduct.

Now, this is left to the Judge, I will say Sir, you are sitting today as Chairman of the Senate, you ask your Private Secretary to please stay on for two hours more, they are kept busy working, you have abused your power and position. The Judge will decide, "you are dis-qualified for seven years." These are very dangerous powers which have been given and they will affect everyone. I am just giving an example. Secondly Sir, when you go to the law you will find, "the President may by notification in the official gazette establish one or more Special Courts for the purpose of this order."

Mr. Sartaj Aziz: Yes Sir. Mr. Chairman, the Census Ordinance as amended from time to time provided a legal support for conducting the population census in the country. After the decision of the Cabinet in January 1988 to hold the next census in the first quarter of 1991, the Ordinance was reviewed to update it for the 1991 census. Accordingly the amendments were proposed and a summary was sent to the Cabinet which was approved in a meeting held on 13 November, 1989. Subsequently, the Standing Committee of the National Assembly considered the proposals on 11th April, 1990. The report of the Committee was under submission to the National Assembly when it was dissolved in August, 1990. Finally the case was submitted after the approval of the Cabinet on 19th September, 1990, to the President for issuing an Ordinance which was promulgated on 1st November, 1990. The Select Committee considered this Ordinance for approval enactment as an Act on 19 November and the National Assembly passed the Bill on 4th March, 1991. The amendments which are now being made in the Census (amendment) Ordinance, 1990, primarily relate to:-

(a) to provide a legal cover to conduct the housing census which previously existed for population census only. In other words, in addition to the population census a sample housing survey was included to maintain effective liaison with the provincial government.

[Mr. Sartaj Aziz]

(b) making changes of nomenclature of the post of Census Commissioner to Chief Census .Commissioner and provincial Directors of Census to Provincial Census Commissioner were considered necessary to bring it in line with other designations in the Population Census Organization. This is an administrative change to bring it in line with the existing nomenclature of these positions.

(c) to reflect changes made by the provincial governments in their local government laws - the terminology of Union Council, Muncipalities etc., was replaced by Local Council in Section 2 and 11.

(d) to reflect changes by the repeal of the Evidence Act 1972 and its substitution by 'Kanoon-e-ShahadatOrdinance 1984, necessary updating was made in Section 91.

(e) to encourage respondents to provide correct information, the confidentiality aspect of individual's census information has been assured by adding sub-section (2) under Section 10. In other words, there was a reluctance very often to disclose correct information, so, the confidentiality of the information provided has been given protection in this law so that this information is not used for any other purpose. To reflect democratic thinking the word - rigorous for imprisonment was dropped, at the same time the limit of fine has been increased from two hundred rupees to

one thousand rupees these are penalties listed in Section 13 from (a) to (f) of the Census Ordinance 1959, which is now presented as a Bill. The Bill as adopted by the National Assembly is now presented before the Senate.

Mr. Chairman: Any views on this Bill? Any opposition? Qazi Sahib, do you want to say something?

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین ! میں آپ کے علم میں اور آپ کے توسط سے ایوان کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ یا تو ہمارے قانون میں کوئی خرابی ہے یا انتظامیہ میں اور رائے شماری کرانے والوں میں ہے کہ اس وقت سندھ میں جو مردم شماری ہو رہی تھی اس میں کراچی کے لوگوں میں اور اندرون سندھ کے لوگوں میں competition ہو رہا تھا جس کے نتیجے میں اندرون سندھ کے لوگوں نے اپنی آبادی چار گنا بڑھا دی اور کراچی والوں نے دوگنا بڑھا دی اور اس کے نتیجے میں مردم شماری کو روکنا پڑا کیونکہ آبادی میں اتنا بڑا اضافہ ممکن نہیں تھا اور اس کے نتیجے میں سندھ کی آبادی تقریباً پنجاب کے برابر ہو گئی اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے قانون میں بھی بنیادی خرابی ہے اور ہماری انتظامیہ میں بھی بنیادی خرابی ہے اور ایوان کو اس بات کا نوٹس لینا چاہیئے اور اس قانون کا بہت غور سے مطالعہ کرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: اس قانون کا مطالعہ کرنا چاہیئے لیکن اس موجودہ قانون میں اور بھی چیزیں انہوں نے بتائی ہیں۔

قاضی حسین احمد: اس میں تو اور ہیں لیکن ایک بنیادی خرابی ہے جس کی وجہ سے ہمیں ذرا موقع ملنا چاہیئے تاکہ تفصیل کے ساتھ ہم اس کا مطالعہ کریں اور ان خرابیوں کا راستہ روکنے کے لئے تجاویز دے سکیں۔

Mr. Chairman: Any other views? Yes. Mr. Ejaz Ali Jatoi.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب والا! ویسے تو بات کرنے کا میرا ارادہ نہیں تھا لیکن چونکہ سندھ کی بات کی گئی ہے اس لئے اس کے متعلق کچھ کہنا ضروری سمجھتا ہوں - یہ جو قاضی صاحب نے کہا کہ شہری اور دیہی آبادی میں مقابلہ ہو رہا ہے اور شہری علاقوں میں دو گنا آبادی بڑھائی گئی ہے اور دیہی علاقوں میں چار گنا آبادی بڑھائی گئی ہے - پہلے تو یہ حکومت کے لئے خود ایک چیلنج ہے اور وہ دیکھے کہ کیا واقعتاًایسی بات ہوئی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اصل میں ان علاقوں میں جب بھی مردم شماری ہوتی ہے ٹرانسپورٹ کی سہولتیں میسر نہ ہونے کی وجہ سے پچاس فیصدی ایسے remote areas ہیں کہ جہاں پر مردم شماری ہوتی ہی نہیں تھی - یہ ایک حقیقت ہے کئی علاقے ایسے تھے کہ جہاں پر لوگوں نے کبھی ووٹ کا اندراج نہیں کرایا - اندرون سندھ دیہی علاقوں میں اس سے پہلے کی مردم شماری میں عورتوں کے ووٹ درج ہی نہیں ہوئے لوگ قصداً نہیں کراتے تھے -۱۹۵۱ء سے لے کر ۱۹۸۱ء تک کی جو مردم شماری ہوئی تودیہی آبادی کے لوگوں یعنی جو سندھ کی دھرتی کے اصل وارث تھے انہوں نے یہ محسوس کیا کہ چار دفعہ کی مردم شماری میں ہم ۹۵ فیصدی سے کم ہو کر تقریباً ۴۲ فیصدی یا ۴۸ فیصدی رہ گئے ہیں - مردم شماری کے مطابق، دستاویزی معلومات کے مطابق ہمیں ریڈ انڈین بنایا جا رہا ہے - اس مرتبہ یہ ہوا کہ وہاں سندھی آبادی نے بڑھ چڑھ کر اس میں حصہ لیا - کئی دفعہ ایسا ہوتا تھا کہ اگر دور دراز علاقوں میں سٹاف نہیں پہنچا تھا تو جہاں سٹاف کہتا وہاں لوگ پہنچ جاتے تھے - سب political organizations نے یہاں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کیونکہ یہ اب ہماری بقا کی جنگ ہے ، ہم اپنی زمین بہت برداشت کر چکے ، ہم شہروں سے نکل چکے شہروں میں اقلیت بن چکے ہیں - اب ہم مزید کسی کی برتری برداشت نہیں کرسکتے - شہر ہمارے ہیں ہم ان کے مالک اور ہمارے شہروں میں ہمارے ساتھ جو حشر ہوا ہے میں قاضی صاحب کی بڑی عزت کرتا ہوں لیکن ان کا یہ بات کہنا کہ اندرون سندھ والوں نے چار گنا آبادی بڑھائی ہے یہ قطعاً غلط ہے - لوگوں نے صرف یہ گناہ کیا ہے کہ انہوں نے اپنے ووٹ درج کرائے ہیں اور یہ ہمارا حق ہے ، اور آئینی حق ہے - خدا کی طرف سے ہر انسان کو حق دیا گیا ہے کہ وہ اپنا حق خود ارادیت اور اپنا ووٹ استعمال کرے تو یہ بات یہاں کرنا کہ جی شہری اور دیہی آبادی میں disparity کس نے کی ہے یہ بحث طلب ہے - میں توحکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ کن بنیادوں پر یہ مردم شماری روکی گئی ہے - ایک احساس یہ بھی ہے کہ پہلی مرتبہ سندھ میں مردم شماری صحیح طور پر ہوئی ہے تو پنجاب ۴۷ فیصدی ہوگیا ہے - اب حکومت کے لئے ثابت کرنے کی بات ہے کہ واقعی اس بات پر مردم شماری روکی گئی ہے جو housing census include ہوئی اس کے مطابق واقعی پنجاب کو آبادی کے لحاظ سے ۴۷ فیصد بننا پڑا ہے اور باقی تین صوبے ۵۳ فیصدی ہوگئے ہیں- اس طرح کی بھی ایک رپورٹ

ہے - میں کہتا ہوں کہ یہ ظاہر کرنا کہ اندرون سندھ کی آبادی میں عمداً چار گنا اضافہ جھوٹ بول کر کیا گیا ہے یہ پوری سندھی قوم کے ساتھ مذاق کے مترادف ہے - ہم قطعاً کاغذی طور پر اقلیت بننا قبول نہیں کریں گے - یہ ہمارا حق ہے کہ ہم اپنے ووٹوں کا اندراج کرائیں ، اپنے گھروں کو شمار کرائیں - یہ صرف کراچی اور حیدر آباد جو میں سمجھتا ہوں کہ ہم سے الگ نہیں ہیں یہ سندھ کا integral part ہیں اور وہ لوگ سندھ کا حصہ ہیں اور انشاء اللہ تعالی ہزاروں سال تک حصہ رہیں گے اور سندہ پاکستان کا حصہ ہے وہ بھی رہے گا -

جناب چیئرمین : قاضی حسین احمد -

قاضی حسین احمد : جناب والا! میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے تو ان کو یہ نہیں کہا تھا کہ آپ نے جھوٹی مردم شماری کرائی ہے لیکن لوگ حیرت زدہ ہیں کہ وہ تو چار گنا بڑھ گئے ہیں - اب ہمارا جو صوبہ ہے اس میں تو سندھ سے زیادہ دور دراز علاقے ہیں ، قبائلی علاقے ہیں ، دوسرے ہیں - ہم تو اتنے ہی رہتے ہیں اور ہماری آبادی میں تو کوئی اضافہ نہیں ہوا - پنجاب پہلے ہی بڑا علاقہ ہے سندھ میں مہاجر اور سندھی کا competition ہوگیا ہے - بلوچستان میں بلوچ پختون کا مقابلہ ہے - مردم شماری میں لوگ آبادی بڑھاتے رہتے ہیں ہماری آبادی اتنی ہی رہتی ہے -

جناب چیئرمین : نہیں فاٹا کی کم ہو رہی ہے -

قاضی حسین احمد : ہاں ان کی کم ہو رہی ہے اس لئے کہ جناب چیئرمین یہ ایک moral crisis ہے ملک کے اندر اور یہ لمحۂ فکریہ ہے میں اپنے دوست اعجاز جتوئی سے بہت معذرت سے یہ بات کہتا ہوں - میرے دل میں سندھی ، پنجابی پختون ، بلوچ ، مہاجر کے لئے کوئی تفریق نہیں ہے - میں تو امت مسلمہ کوایک سمجھتا ہوں - انسانیت کی بہتری کے لئے ہم کام کر رہے ہیں - اس ملک کی بھلائی کے لئے سوچنا ہم سب کا فرض ہے - ایک ایسی صورتحال سے ملک کو دوچار کرنا کہ مختلف علاقوں میں لسانی گروپوں کی بنیاد پر competition ہو جائے اوراپنی اپنی مردم شماری بڑھانے کے لئے دوسرے لوگوں کو مصیبت میں ڈال دیں یہ تو پوری قوم کے لئے ایک لمحۂ فکریہ ہے ، میں نے کسی کی طرف کوئی جھوٹ اور کوئی فراڈ منسوب نہیں کیا انہوں نے اس کو غلط سمجھا ہے -

جناب چیئرمین : شکریہ مخدوم خلیق الزمان -

مخدوم خلیق الزمان : جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے بھی اس مسئلے پر بات کرنے کی خواہش نہیں تھی لیکن میں نہایت احترام کے ساتھ یہ عرض کروں گا کہ قاضی صاحب نے جس انداز میں بات کی ہے اس سے مجھے اس پر بات کرنا ضروری ہوگیا اور کچھ باتیں ایسی ہیں جو جتوئی صاحب کرچکے ہیں میں انکی باتوں کی تقریباً تائید کرتا ہوں۔ ایک تو میں مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ جو مردم شماری ہوئی ہے اس کو قبول کیا جائے اور یہ as it is شائع کی جائے - یہ بالکل حقیقت ہے کہ ہماری جو خواتین تھیں ، جو ہماری بہنیں تھیں ، جو ہماری بیٹیاں تھیں ، انہوں نے یہ محسوس کیا اور یہ احساس ہمیں دلایا گیا ۱۹۸۳ء کے بعد سندھ میں جو ethnic riots ہوئے جو حالات ہمارے شہروں میں ہوئے اس سے ہمیں احساس ہوا کہ اب اس چیز کو seriously لینا چاہیئے اور ہمارا جو حق ہے ، جو قومی حق ہے ، یعنی پاکستانی ہونے کی حیثیت سے جو ہمارا حق ہے اس کو ہم ادا کریں اور جو حقائق ہیں ان کو ہم سامنے لائیں اور اس ضمن میں ہماری کئی تنظیمیں تھیں جنہوں نے محسوس کیا کہ ہوسکتا ہے کہ کوئی enumerator کسی جگہ پر نہ جانے کے لئے مجبور ہو مثلاً راستہ نہ ہو یا ان کے پاس conveyance نہ ہو ، گاڑی نہ ہو اور ہم سب رضاکارانہ طور پر ان کو ان جگہوں پر لے گئے اور ہماری ماؤں بہنوں نے رضاکارانہ طور پر اس مردم شماری میں حصہ لیا اور اس کا جو نتیجہ نکلا وہ میرے خیال میں کس قدر حیران کن ہے کہ ایک بات جس کا ذکر نہیں ہوا ۔ وہ ہونا چاہیئے کہ کہتے ہیں کچھ دلائل اس طرح بھی چلتے ہیں کہ اس دفعہ جو سندھ میں تناسب بنتا ہے اس میں خواتین کا تناسب پہلے سے زیادہ ہے بلکہ مردوں سے کچھ بڑھ گیا ہے - یہ بھی emancipation کا ایک ثبوت ہے - صورتحال یوں ہے کہ ہماری خواتین نے بڑھ چڑھ کر اور اپنی خوشی سے اس میں حصہ لیا - ان کے خاندان والے ، ان کے والدین ، ان کے بھائی ان کو لے کر آئے تاکہ اقلیت میں تبدیل کرنے کی جو سازش ہمارے خلاف کی جا رہی ہے اس کا انسداد کیا جائے - انہوں نے یہ محسوس کراتے ہوئے اپنا یہ فرض سمجھا ہے کہ اس میں حصہ لیں تاکہ ہم مضبوط ہوں ، یہ ملک مضبوط ہو - میں قاضی صاحب سے عرض کروں گا کہ جب میں قومی اسمبلی کا ممبر تھا تو ستار نیازی صاحب نے ایک تقریر کی تھی اس میں حوالہ دیا گیا تھا کہ چلے چلو سندھ کو فتح کرنے ۔ میں نے وہاں عرض کیا تھا کہ کیا سندھ اس پاکستان کا حصہ نہیں ہے کہ آپ اس کو فتح کرنے چلے ہیں - میں اپنے بھائی سے عرض کروں گا کہ جب آپ امت مسلمہ کی بات کرتے ہیں تو کیا سندھی امت مسلمہ میں نہیں ہیں - کیا ہم اس ملک کا

حصہ نہیں ہیں - خدا کے واسطے ہم پر بار بار یہ الزام مت لگائیں - یہ ہمیں مطعون مت کیا کریں - ہم پاکستان کا حصہ ہیں - نہ صرف ہم پاکستان کا حصہ ہیں بلکہ ہمارا صوبہ وہ ہے جس نے پاکستان بنانے میں پہل کی تھی - خدا کے واسطے ہمیں یہ الزام مت دیں - ہم پاکستان کا حصہ ہیں - ہم وہی کچھ کریں گے جو اس ملک کے فائدے میں ہوگا - اس فیڈریشن کے فائدے میں ہوگا - جو ہر صوبے کو مستحکم بنائے گا - اگر کوئی اور صوبہ اس طرح محنت کرے اور وہاں کے لوگوں کا جو حق بنتا ہے وہ انہیں ملنا چاہیئے - اگر ان کے ساتھ کوئی ناانصافی ہوئی ہے تو ٹھیک ہے ان کا کیس پلیڈ کریں - اب اگر مردم شماری کو روکا گیا تو سندھ کے ساتھ ناانصافی ہوگی - شکریہ !

جناب اعجازعلی خان جتوئی : قاضی صاحب محترم نے بلوچستان کے بارے میں بھی کہا ہے کیونکہ نیشنل پارٹی سے میرا تعلق ہے اور بلوچستان ہمارا base ہیں - پختون اور بلوچ کی بات کی گئی ہے کہ وہاں پر بھی تضاد ہے - میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں پختون بلوچ تضاد نہیں ہے ان کے الگ الگ base ہیں - تاریخی لحاظ سے وہاں پختون اپنی بیلٹ پر آباد ہیں اور بلوچ اپنی بیلٹ پر - اس لئے وہاں تضاد نہیں ہے -

جناب چیئرمین : شکریہ جی - جناب شہزاد گل صاحب -

قاضی حسین احمد : میں جناب وضاحت کروں گا -

جناب چیئرمین : نہیں جناب - یہ سلسلہ پھر شروع ہو جائے گا - آپ آخر میں وضاحت کر لیجیئے گا -

قاضی حسین احمد : آپ کیا مجھے اس کا موقع دیں گے -

جناب چیئرمین : میں آپ کو موقع دوں گا - جی شہزاد گل صاحب -

جناب شہزاد گل : جناب چیئرمین صاحب ! میں مختصراً عرض کروں گا کہ جہاں تک مردم شماری کا تعلق ہے چاہیئے کہ یہ درست طور پر ہو اور ٹھیک ہو - اس کے ہم حامی ہیں - لیکن میں معزز ایوان کے علم میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ ۱۹۷۲ء میں جب مردم شماری ہوئی تھی - اس کی رپورٹ شائع نہیں ہوئی تھی - ایک provisional report شائع ہوئی تھی

[Mr. Shehzad Gul]

لیکن مکمل رپورٹ شائع نہیں ہوئی تھی اور یہ امر مسلمہ ہے کہ اس رپورٹ میں اس وقت کے وزیراعظم بھٹو صاحب (مرحوم) نے اپنے ہاتھ سے کٹنگ کی تھی اور سندھ کی آبادی کو دوسرے صوبوں سے زیادہ کیا تھا - ۱۹۶۱ء سے لے کر ۱۹۷۲ء کی مردم شماری کے دوران سرحد میں صرف ایک فیصد کا اضافہ دکھایا گیا تھا- ہمارے صوبے سرحد کی مردم شماری بہت کم دکھائی جاتی ہے - وہ درست طور پر نہیں ہوتی - یہاں پر ایک ترمیم لائی جا رہی ہے کہ جو شخص اس قسم کا جرم کرے یا اس قسم کی غلطی کرے تو اسے سزا دی جانی چاہیئے - سخت سزا دی جانی چاہیئے - اورجنل ایکٹ میں اس کی سزا قید بامشقت تھی - لیکن موجودہ ترمیم میں بامشقت کو ہٹا کر صرف سادہ ایک ماہ کی سزائے قید کر دی گئی ہے - یہ کہاں کا انصاف ہے - جو شخص اس قسم کی غلطی کرے گا یا اس قسم کا جرم کرے گا تو یہ قوم و ملک کے ساتھ دشمنی کے مترادف ہوگا -اب جو شخص ایک صوبے کی آبادی کو کم کرے گا اسے سزا بامشقت کی بجائے محض سزائے قید ہوگی - جیسا کہ قاضی صاحب نے فرمایا ہے ہمیں بھی موقع دیا جائے کہ ہم اس پر سوچیں اور اس میں ترامیم لائیں چونکہ ہم نئے آئے ہیں اس لئے ہمیں معلوم نہیں تھا کہ اس میں کیا باتیں نئی لائی جا رہی ہیں - لہٰذا میں محترم وزیر صاحب کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ اسے اگلے سیشن پر ملتوی کریں تاکہ ہم اس کا مطالعہ کریں اور اس میں ترامیم لے آئیں تاکہ آئندہ اس کی نہ کسی کو ہمت ہو اور نہ کسی کو جرأت ہو کہ وہ اس قسم کی غلطی کرے اور آئندہ پاکستان کی مردم شماری درست طور پر ہوسکے -

جناب چیئرمین : شکریہ - جناب ظریف مندوخیل صاحب ،

شیخ ظریف خان مندوخیل : جناب چیئرمین صاحب ! یہاں مختلف صوبوں کی باتیں ہو رہی ہیں میں اپنے صوبے کے متعلق بات کروں گا - ابھی جتوئی صاحب نے کہا کہ بلوچستان کی مردم شماری میں فرق نہیں ہے - فرق ضرور ہے - اس سلسلے میں میرا خیال ہے ایک وفد ہم اس وقت کے صدر محترم ضیاء الحق کی خدمت میں لے کر گئے تھے اس میں نورجہاں پانیزئی صاحبہ بھی ہمارے ساتھ تھیں محترم صدر ضیاء الحق سے کہا تھا کہ صاحب ہماری مردم شماری صحیح نہیں ہوئی ہے - یہ نہ ہونے کے برابر ہے - اور ابھی زور بھی ہم اس لئے نہیں دیتے ہیں ---

جناب چیئرمین : مردم شماری میں عورتیں بھی آجاتی ہیں یا نہیں -

شیخ ظریف خان مندوخیل : سب آ جاتے ہیں - جناب ابھی تک ہماری مردم شماری کو ٹھیک نہیں کیا گیا - ہم نے اس وقت کے صدر کو یہ کہا تھا کہ صاحب ہماری مردم شماری صحیح کریں - میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے صوبے کی نمائندگی جتوئی صاحب نے کی اور انہوں نے فرمایا کہ وہاں کوئی فرق نہیں ہے - میں ان کی خدمت میں بھی گزارش کروں گا کہ ہماری مردم شماری کو ٹھیک کرنے کے لئے سب ساتھ دیں اور ہماری اور سارے پاکستان کی مردم شماری سب ٹھیک ہونی چاہیئے -

جناب چیئرمین : شکریہ جی - اور کوئی صاحب ؟ جناب رحیم مندوخیل صاحب -

جناب عبدالرحیم مندوخیل : جناب والا ! بل کے حوالے سے کچھ چیزیں مثبت ہیں - یہاں جو مردم شماری کی بات کی گئی ہے حقیقت یہ ہے کہ مجموعی طور پر پاکستان میں مردم شماری ٹھیک ہونی چاہیئے - پشتون یا سندھی یا بلوچ ، ہم لوگ مجموعی طور پر پسماندہ ہیں - اور پسماندگی کی وجہ سے ہم نے مردم شماری میں حصہ نہیں لیا بلکہ جب نام لکھا جاتا تھا تو ہمارے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ کوئی نیا ٹیکس لاگو ہو رہا ہے یا کوئی اور چیز ہوگی - اس حوالے سے مردم شماری میں ہماری آبادی حقیقت میں کم رہی ہے - مجموعی طور پر کم رہی ہے - یہاں ایک معزز رکن نے کہا کہ یہ امکانات ہیں کہ شاید پنجاب کی آبادی کم ہو جائے تینوں صوبوں سے - میں ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے ہر جگہ گیا ہوں - میرا یقین ہے کہ پنجاب کی آبادی with our prejudice to right of Punjab، پنجاب کی آبادی جتنی بھی رہی ہے وہ ہماری آبادی سے زیادہ رہی ہے ، مجموعی طور پر پشتونوں کی آبادی اگر ہم مکمل تمام علاقوں میں کریں تو واقعتاً ہماری آبادی یقیناً اگر پنجاب کے ساتھ برابر نہ ہو تو کچھ فیصد کم ہوگی - جناب چیئرمین اگر آپ غیرجانبداری سے مردم شماری کرائیں گے تو ایسا ہوگا - دوسری بات یہ کہی گئی - جتوئی صاحب نے فرمایا کہ وہاں تضاد نہیں ہے پشتون بلوچ کا- پھر میں عرض کروں گا کہ پشتون بلوچ کا تضاد ہے - ہماری آبادی کا وہاں آپ ریکارڈ دیکھیں - ایک جگہ پر کچھ سال پہلے جو آبادی تھی اب وہاں آبادی زیادہ ہے - اس حوالے سے چالیس میں سے ہماری پندرہ سیٹیں ہیں - اب بھی ہماری آبادی میں یہ مسئلہ ہے - ہم چاہتے ہیں کہ جو مردم شماری ہو وہ صحیح معنوں میں ہو - وزیر اعلیٰ جمالی صاحب نے بتایا ہے کہ یہ آبادی کیسے بڑھی - ہم یہ کہتے ہیں کہ شاید پہلی بار ہمارے لوگوں نے یہ احساس کیا ہے کہ وہ مردم شماری میں حصہ لیں - انہوں نے احساس کیا ہے -

----

[اس مرحلہ پر میڈم ڈپٹی چیئرمین ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی نے کرسئ صدارت سنبھالی]

جناب عبدالرحیم مندوخیل : اس مردم شماری کو جو روکا گیا ہے یہ صحیح نہیں ہے اسے رکنا نہیں چاہیئے ۔ میں بھی اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ سندھ نے مردم شماری میں پہلے سالوں میں بھی کوئی حصہ نہیں لیا ہے۔ سندھ کے دیہی علاقوں کے لوگ بڑے پسماندہ ہیں ۔ ایسی کوئی بات نہیں جو یہ کہتے ہیں کہ چار گنا یا پانچ گنا آبادی بڑھی ہے ۔ جہاں تک قوانین کا مسئلہ ہے ۔ بہتر ہو گا کہ ہمیں سٹڈی کرنے کا موقع دیا جائے اور جہاں تک مردم شماری کا مسئلہ ہے ، اس میں ہم مارے گئے ہیں ۔ ہمارے حقوق مارے گئے ہیں ، ہماری آبادی کم دکھائی گئی ہے ۔ ہمارے آئینی حقوق مارے گئے ہیں ۔ جو گزشتہ مردم شماری ہوئی ہے اس کی تصحیح کے لئے بھی ہم مطالبہ کریں گے ، اور ابھی جو ہو رہا ہے اس میں ہم اس بات کے قائل نہیں ہیں کہ مردم شماری زیادہ دکھائی گئی ہے ۔ شکریہ!

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جناب رحیم صاحب ۔ جناب بوستان علی ہوتی صاحب

جناب بوستان علی ہوتی : جناب چیئرمین صاحب! ہمارے معزز وزیر صاحب نے مردم شماری کے متعلق جو بل پیش کیا ہے میں اس کے بارے میں مختصراً بات کروں گا اس سلسلے میں میرے بہت سے دوستوں نے بات کی ہے اور کراچی اور سندھ کے متعلق اس میں تھوڑا بہت اختلاف رائے بھی ہو گیا ہے ، اصل میں مردم شماری کے بارے میں یہ تاثر دینا غلط ہے کہ کراچی کے اندر اردو بولنے والوں نے دو گنا اور وہی سندھ کے اندر سندھیوں نے چار گنا اضافہ کر دیا ۔ ہمارے بزرگ قاضی صاحب کا بھی یہ خیال نہیں تھا انہوں نے تو ایک سنی سنائی بات کی ہے اور وہ بات ہمارے کانوں تک بھی آئی تھی ، ہمیں صاف گوئی سے بات کرنی چاہیئے ، میں اپنے حلقہ انتخاب کی بات کرتا ہوں۔ کراچی کے اندر صوبائی اور قومی نشستوں کے علاقوں کے اندر چار پانچ علاقے ایسے ہیں جن میں ووٹ repeat ہوتے ہیں ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں ، دوسرے علاقے سے تیسرے علاقے میں ووٹ درج کرائے جاتے ہیں ، انفرادی طور پر امیدوار اپنے ووٹروں کے جعلی ووٹ ڈلوانے کے لئے ایسا کرتے ہیں اور پھر اس میں برادری اور قبیلہ آتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں ایسی

کوئی بات نہیں ہے کوئی پنجابی ، پختون ، مہاجر یا سندھی کوئی شخص اپنی کمیونٹی کی بنیاد پر اس قسم کی دھاندلی یا گربڑ کرنے کی کوشش نہیں کرتا ہے۔ جہاں تک امیدوار کرتا ہے اس کی روک تھام کے لئے وزیر صاحب کو میرا مشورہ یہ ہے کہ جعلی ووٹوں کے اندراج سے زیادہ مردم شماری دکھانے کے انسداد کے لئے ایک صورت یہ ہو سکتی ہے کہ بلوچستان کی مردم شماری فرنٹیئر والے کریں - فرنٹیئر کی مردم شماری بلوچستان والے کریں۔ پنجاب کے لوگ سندھ کی کریں اور سندھ کے لوگ پنجاب کی مردم شماری کریں اس صورت میں صحیح مردم شماری ہو گی -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب بہرہ ور سعید صاحب -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب والا! جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس میں تو اکثر تکنیکی چیزیں ہیں۔ کمشنر اور چیف کمشنر وغیرہ کے عہدوں کے ناموں کی تبدیلی میں تو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے۔ ایک چیز ہے جو شہزاد گل باچہ نے پوائنٹ آوٹ کی ہے اور وہ یہ کہ rigorous imprisonment کو ہٹا کر simple imprisonment کرکے جرمانے کی رقم کو دو سو سے بڑھا کر ایک ہزار کر دینے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا بلکہ یہاں تو سزا زیادہ کرنی چاہیئے تھی rigorous imprionment کی مدت بڑھانی چاہیئے تھی کہ یہ پانچ سال ، دس سال ، بیس سال ، تیس سال تک ہونی چاہیئے تھی اور جرمانہ بھی ساتھ زیادہ ہونا چاہیئے تھا ۔ دوسری بات جناب مردم شماری میں مبالغے کے متعلق کہی گئی ہے - ہمارے صوبے میں مہاجرین کی آبادی کا ایک مسئلہ پیدا ہو گیا ہے جو دوسرے صوبوں میں نہیں ہے - کوئی تیس یا پینتیس لاکھ کے قریب مہاجر وہاں آئے ہیں اور مردم شماری میں ایسے لوگ شامل کر دیئے گئے ہیں کہ ان کو بھی وہ مقامی لوگوں میں شامل کر رہے ہیں - میرے مالاکنڈ ڈویژن میں توخاص کر یہ اقدام کئے گئے ہیں اس واسطے میں سرتاج عزیز صاحب سے عرض کروں گا کہ وہ اس طرف خیال کریں کہ مہاجر کسی حالت میں بھی مقامی آبادی میں شمار نہ کئے جائیں اور جہاں شمار کئے گئے ہوں ان پر نظرثانی کی جائے - ہم ثابت کرنے کے لئے تیار ہیں کہ مہاجر کتنی تعداد میں شامل کر دیئے گئے ہیں تاکہ ان کے نام کاٹے جا سکیں - اس سے ایک خاص فرقے کی یا ایک خاص جماعت کی حیثیت پر اثر تو پڑے گا اور آئندہ اس سے پاکستان کے لئے مشکلات پیدا ہوں گی جب افغانستان کا مسئلہ حل ہوگا تو مہاجرین کی واپسی کے مسئلے میں مشکل پیدا ہوگی -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اخونزادہ صاحب میرے خیال میں افغان مہاجرین کے اپنے علیحدہ شناختی کارڈ بنے ہوئے ہیں مجھے تو یہ یقین نہیں آتا کہ ان کا شمار ہماری مقامی آبادی میں کیا گیا ہوگا کیونکہ ان کے تو اپنے علٰحیدہ مہاجر کارڈ بنے ہوئے ہیں ۔

جناب محمدعلی خان : محترمہ چیئرپرسن صاحبہ ! عرض یہ ہے کہ جس طرح ابھی آپ نے فرمایا کہ ان کے علٰحیدہ کارڈ بنے ہوئے ہیں جہاں تک مردان کا تعلق ہے میں آپ کو وہاں لے جا کر بتا سکتا ہوں کہ افغان مہاجرین نے پچھلے انتخابات میں ووٹ بھی ڈالے ہیں ۔ انہوں نے شناختی کارڈ بھی بنائے ہوئے ہیں تو یہ چیزیں ہوئی ہیں جس طرح کہ میرے بھائی بہرہ ور سعید نے ابھی آپ کی خدمت میں فرمایا بالکل صحیح ہیں بلکہ اب اگر ان کو چیک نہ کیا گیا تو اس بات کا احتمال ہو سکتا ہے کہ ایک ایسا وقت آئے گا کہ افغان مہاجرین صوبہ سرحد میں ہم سے زیادہ ہو جائیں گے ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے جناب سرتاج عزیز کچھ فرمانا چاہیں گے تاکہ افغان مہاجرین کے مسئلے پر وضاحت ہو جائے ۔

جناب سرتاج عزیز : محترمہ چیئرپرسن ! میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت جو بحث ہے یہ واقعی بہت اہم ہے اور ہمارے لئے بہت ضروری ہے کہ ایسے اقدام کئے جائیں کہ یہ مردم شماری بہت صحیح طریقے سے ہو صحیح اعداد و شمار جمع ہوں اور اس میں کوئی مبالغہ آمیزی نہ ہو لیکن اس میں کچھ تو قانون کے حوالے سے بات کہی گئی ہے ۔ اور کچھ انتظامی۔ زیادہ تر جو باتیں ہوئی ہیں وہ انتظامی امور سے متعلق رکھتی ہیں کہ اس کا انتظام کس طریقے سے کیا جائے تا کہ اس میں مبالغہ یا غلطی کا احتمال نہ ہو ۔ قانون کے حوالے سے صرف ایک ہی بات سامنے آئی ہے اور وہ یہ ہے کہ rigorous کو simple imprisonment کیوں کیا گیا ہے اور اس میں زیادہ فرق نہیں ہے اگر یہ بل پاس نہ ہو چکا ہوتا تو میں کہتا کہ یہ ترمیم ضرور منظور کر لیں لیکن اس میں پھر complications پیدا ہونگی ۔ ایسی صورت میں بل کو واپس جانا پڑتا ہے ۔ ہمارے پاس اس وقت مردم شماری کی آرگنائزیشن کے لئے وقت ذرا کم ہے ۔ اس سلسلے میں ہم مختلف تجاویز پر غور کر رہے ہیں ۔ یہ میں واضح کردوں کہ اب تک جو کام ہوا ہے وہ مردم شماری کا نہیں ہوا تھا صرف ایک preliminary housing survey ہوا تھا جس سے کچھ اندازے لگے ہیں کہ اگر یہ housing census صحیح پوزیشن reflect کرے تو آبادی میں اتنا اضافہ ہوگا اس لئے مردم شماری وغیرہ کو منسوخ نہیں کیا گیا ۔ یہ census کی ایک

preliminary stage تھی جو کہ ہوئی ہے اور اس میں ابھی تک کوئی حتمی بات نہیں تھی لیکن وہ تجاویز ہم مرتب کر رہے ہیں کہ کیسے یہ safeguard مہیا کیا جائے کہ census صحیح ہو ۔اس مقصد کے لئے ایک تجویز یہ بھی ہے کہ جب ہماری تجاویز مکمل ہو جائیں تو ہماری سینیٹ اور اسمبلی کی جو متعلقہ کمیٹیاں ہیں ان میں وہ تجاویز پیش کی جائیں تاکہ ان کی رائے بھی اس میں شامل ہو جائے - یہ نہ صرف حکومت کا بلکہ پارلیمنٹ کا بلکہ پوری قوم کا یہ فرض ہے کہ وہ اس چیز کو اس طریقے سے organize کرے اور چونکہ مختلف ممبران کومقامی علاقوں کے مختلف حلقوں کی تکالیف کا اور مشکلات کا اندازہ ہوتا ہے اس لئے امید ہے کہ وہ اس نظام کارمیں پوری طرح مدد کریں گے بلکہ ممکن ہے کہ اس میں پارلیمنٹ کی کمیٹیوں کو بھی census کی نگرانی میں شامل کرلیں - جب census ہو رہا ہو تو پارلیمانی کمیٹیاں چاروں صوبوں میں موجود ہوں تاکہ وہ یہ دیکھیں کہ افسران ٹھیک کام کر رہے ہیں کہ نہیں - میں سمجھتا ہوں کہ جتنی تجاویز پیش ہوئی ہیں ان کا ہم نوٹ لے لیں گے اور جب کارکردگی یا پروسیجر کے بارے میں ہماری تجاویز مکمل ہو جائیں تو وہ ہم متعلقہ کمیٹی کے سامنے اور اگر ضرورت پڑی تو پورے ہاؤس میں بھی پیش کر سکتے ہیں - اس سٹیج پر یہ بحث جو اس وقت ہو رہی ہے زیادہ مفید ہوگی - اس وقت قانون کے حوالے سے ہم نے اس میں کافی safeguards رکھے ہیں اور جرمانے کو بھی بڑھایا ہے - سزائے قید بھی موجود ہے اور بھی کارروائی کی گنجائش ہے لیکن اس کو ensure کرنا صرف قانون کے ذریعے نہیں ہو سکتا جو انتظامی کارروائی ہے انتظامی امور ہیں ان پر بھی زیادہ توجہ دینا پڑے گی - اس سلسلے میں ہم انشاء اللہ پوری تجاویز لے کر آئیں گے -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ان کو افغان مہاجرین کے بارے میں خدشہ ہے اس کو دور کریں تو بہتر رہے گا -

جناب سرتاج عزیز : وہ تو بالکل eligible نہیں ہیں اگر کسی نے جعلی طور پر پاکستان کا شناختی کارڈ بنوا لیا ہے تو اس میں احتمال ہوسکتا ہے لیکن اس کے لئے بھی instructions موجود ہیں - ان علاقوں میں جہاں پر مہاجرین موجود ہیں وہاں پر اس کے لئے special safeguards provide کئے جا رہے ہیں مثلاً ان کو کوئی شناخت کرنے والا ہو جو اس کی نشاندہی کر سکے کہ یہ آدمی پاکستانی ہے یا نہیں ہے - اس سلسلے میں safeguards کا یہ ایک حصہ ہوسکتا ہے -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جس طرح افغان مہاجرین کا معاملہ فرنٹیئر میں ہے اس طرح سے سندھ میں بھی کمیٹیوں نے باقاعدہ یہ نوٹ کیا ہے - سندھ کمیٹی نے بھی نوٹ کیا تھا اور جب ہم سندھ میں گئے تھے ، تو ہمیں بتایا گیا تھا کہ دس ، پندرہ

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

لاکھ آدمی غیر قانونی طور پر کراچی میں آباد ہیں - وزیر خزانہ صاحب افغان مہاجرین کے بارے میں جب کوئی قانون بنائیں گے تو میں چاہوں گا کہ سندھ میں بھی دس پندرہ لاکھ آدمیوں کا اندراج نہیں ہونا چاہیئے -

جناب منظور خان گگی : جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ابھی کہا تھا کہ بلوچستان میں افغان مہاجرین کے پاس اس قسم کے شناختی کارڈ نہیں ہیں - میں اس کو ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے یہ کارڈ حاصل کر لئے ہیں اگر آپ کو یاد ہو کچھ مہینے پہلے یہ بات چلی تھی کہ بلوچستان اسمبلی میں ایک ایسا فرد موجود ہے جو خود افغان مہاجرین میں سے ہے اور اس کا شاید عبدالرحیم صاحب کو بھی علم ہو اور باقی بہت سے دوستوں کو بھی اس کا علم ہو اس حد تک تو ہوا ہے - میں محترم وزیر صاحب سے گزارش کروں گا کہ اس پر ایک چیک ہونا چاہیئے اوربلوچستان میں بھی جس طرح رحیم صاحب نے کہا یہ تضاد موجود ہے -اس لئے ہے کہ کچھ سیاسی جماعتیں بلوچستان میں افغان مہاجرین کو اپنی غرض کے لئے enlist کر رہی ہیں - خانہ شماری میں ان کو include کیا جا رہا ہے اور اس میں particularly کچھ ایسی تنظیمیں ہیں جو ایسا کر رہی ہیں اپنے ایریا کی آبادی کو بڑھانے کے لئے یا اس ضلع کی آبادی کو بڑھانے کے لئے - اب ظاہر ہے دو تین چاراضلاع کی آبادی اتنی ہوگی اس سے زیادہ نہیں ہوگی اگر پانچ لاکھ دس لاکھ پندرہ لاکھ کی آبادی کو include کریں کچھ لوگ افغانستان میں بستے ہیں ان کے ناموں کو یہاں بھی include کریں اور جو آئے ہوئے ہیں ان کے ناموں کو ڈبل ڈبل include کردیں تو یقیناً اس طریقے سے آبادی بڑھے گی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کو سخت سے سخت کیا جائے تاکہ اس قسم کے غلط طریقے یہاں استعمال نہ ہوں ورنہ آپ یقین کریں کہ ہم بلوچستان کے لوگ بالکل اقلیت میں آ جائیں گے اور جو across the border آئے ہیں وہ میجارٹی میں ہوں گے -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ! جناب عبدالرحیم مندوخیل صاحب -

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : ہمارے محترم ممبران نے کہا کہ جو لوگ افغانستان سے آئے ہیں ان کا نام یہاں پر درج نہ ہو ، اس حوالے سے ایک بات تو یہ ہے کہ یہ تو ان کی اپنی سیاست ہے ؛ وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم لوگوں کو لائیں گے اور ان کو لڑائیں گے اور پھر یہاں اس کے اثرات نہیں ہوں گے - وہ خود اس کو سوچیں ، ایسا ہو گا -

دوسری بات یہ ہے ، ہم ان لوگوں کو " کڈوال " کہتے ہیں جو وہاں سے آئے ہیں ، باقی رہی بلوچوں کو اقلیت میں لانے کی کوشش کی بات - میں آپ کو ثابت کر سکتا ہوں کہ کوئی بھی آدمی جو اس علاقے کا ہے اس کا اندراج غلط نہیں ہوا ہے - کیونکہ پشتونوں میں ایک طریقہ ہے ، جس کو ہم " دو کورہ " کہتے ہیں دو کورہ کے معنی دو گھر والا - اس تمام بارڈر پر پشتونوں کو یہ حق حاصل ہے کہ سردیوں میں یہ رہیں گرمیوں میں وہاں جائیں - دو کورہ پشتون کا ایک بنیادی حق ہے - " دو کورہ " لوگوں کو روکنے کے لئے یہاں طریقہ نکالا گیا ہے کہ آپ نہیں ہو سکتے ہیں - یہاں جو لوگ ہیں ان کے روکنے کے لئے یہ بہانہ تراشا جاتا ہے - ہم افغان ہیں - ہم پشتون ہیں - اب اگر مجھے کوئی شخص یہ کہے آپ ثابت کریں کہ آپ افغان ہیں - میں تو افغان ہوں میں تو پشتون ہوں اس کے لیے جو پروسیجر ہے کہ میں ثابت کروں کہ میں اس طرز کا citizenship رکھتا ہوں تو یہ بڑا مشکل ہوگا - کوئٹہ میں اس طرح لوگوں کو روکا جا رہا ہے - میں آپ کو ثابت کر سکتا ہوں - رہ گیا یہ کہ وہاں کوئٹہ میں جو ایک وزیر ہے وہ جس قبیلے کا ہے وہ قبیلہ قندھار لاغسانی میں بھی ہے اور وہی قبیلہ یہاں پشین میں دو بندئ اور توبہ اچکزئی میں بھی ہے - وہ اس قبیلے کے ممبر ہیں اور یہاں ہمارے ساتھی کہہ رہے ہیں کہ پتہ نہیں ہے وہ کون ہے - پشتون جو ہے دو کورہ ہے ، اور دو کورہ (دو ہاؤسز) یہ اس کا حق ہے اور ہماری یہ تجویز ہے کہ کوئی شخص اس بہانے سے نہ روکا جائے نہ ہم ایسا کرنے دیں گے اور رہ گئی ہماری بات - یہاں لوگ فرما رہے ہیں کہ یہاں کچھ پارٹیاں ہیں - ان پارٹیوں میں ہماری پارٹی کا نام سب سے پہلے ہے لیکن میں آپ کو ثابت کر سکتا ہوں کہ کوئٹہ میں ، بلوچستان میں ، ہم بالکل آدھے سے زیادہ ہیں - اس پارلیمنٹ سے کوئی غیر جانبدار ٹیم وہاں جائے ہماری جو پوزیشن ہے، ہماری جو آبادی ہے اس کی صحیح جانچ پڑتال کرے - اس وقت ہماری کیا پوزیشن ہے ؟ ۴۰ میں سے ہمارے ۱۵ نمائندے ہیں ۲۰ سال پہلے جو آبادی تھی اب بھی اس علاقے میں اتنے ہی ووٹرز ہیں تو اس طرح ہمارے ساتھ یعنی تمام ملک میں بالخصوص پشتونوں کے ساتھ بلوچوں کی طرف سے بہت زیادتی ہوئی ہے ہمیں حقوق سے محروم کیا گیا ہے ، اور ابھی افغانوں کے بہانے سے افغانوں کو شہریت کے حقوق سے اور ووٹ کے اندراج سے محروم کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں - کم از کم یہاں میں استدعا کروں گا کہ اس مسئلے میں کوئی نہ پڑے -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اچھا جی اب اس پر کافی بحث ہو چکی ہے میں اس بل کو put کرتی ہوں - ڈاکٹر غفار صاحب -

ڈاکٹر عبدالغفار جتوئی : ہمارے معزز ارکان نے کہا ہے کہ افغان مہاجرین کا اندراج ہوا ہے اور ان کو مختلف صوبوں میں مردم شماری میں شامل کیا ہے - انہوں نے شناختی کارڈ بنوا لئے ہیں - انہوں نے ووٹوں میں حصہ لیا ہے - یہ خدشات اپنی جگہ پر بالکل بجا ہیں تو کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ بجائے اس کے کہ ہم ان باتوں کے پیچھے پھریں ، ان کا نام درج نہ کریں ، شناختی کارڈ نہ بنائیں - جنیوا معاہدہ ہو چکا ہے ، اس مرض کا علاج بنیاد سے ہونا چاہیئے - آپ خود میڈیکل پیشے سے تعلق رکھتی ہیں اور symptomatic علاج کسی مرض کا علاج نہیں ہے radical treatment جو ہے بنیادی علاج وہی ہوتا ہے کیا یہ بہتر نہیں رہے گا کہ افغان مہاجرین کو باعزت طور پر اپنے وطن میں واپس بھیج دیا جائے تا کہ ہم آج جو یہ رونا رو رہے ہیں اس کا مکمل خاتمہ ہو جائے - شکریہ!

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ اعجاز علی صاحب آپ پہلے بھی بول چکے ہیں -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : ایک پوائنٹ انہوں نے اٹھایا ہے میں اس پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دیکھیئے افغان اور افغانی یہ پوری ایک لمبی داستان ہو جائے گی - ہم تو سمجھتے ہیں کہ افغانستان کے تصفیے کا حل ہی یہی ہے افغانستان کے جو لوگ یہاں پر آباد ہیں ان کو باعزت طور پر واپس بھیجا جائے یہ تو عجیب ملک ہے جہاں پر کوئی قانون نہیں ہے -------

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہ تو بہت بڑا ایشو ہے اس پر پھر کوئی اور وقت مقرر کر دیں گے -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : آپ کسی بھی ملک میں یہاں سے جانا چاہیں وہاں آپ کو شناختی کارڈ کچھ بھی نہیں ملے گا ، یہاں پر ہمیں شناختی کارڈ اور پاسپورٹ مل جاتا ہے - ووٹ کا حق مل جاتا ہے - پھر ہم یہاں پر باقاعدہ ممبر بن کر وزیر بن جاتے ہیں یہ عجیب بات ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے آپ کو ایک line draw کرنی پڑے گی - وزیر خزانہ یہاں بیٹھے ہیں ہم جو پاکستان میں آئندہ صورتحال دیکھ رہے ہیں کل آپ نے این ایف سی میں جو فیصلہ کیا ہے کہ آبادی کی بنیاد پر یہ جو ایوارڈ دیں گے ، صوبوں کو رقوم دیں گے اس میں یہ سوال اور زیادہ rise ہو گا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں بسنے والی کوئی قوم بھی اپنے آپ کو اقلیت بننا تسلیم نہیں کرے گی -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اعجاز صاحب آپ اصل مسئلہ سے ہٹ کر کہیں اور چلے

گئے ہیں - شکریہ! جناب میں اب یہ ہاؤس میں پیش کرتی ہوں -

Syed Iqbal Haider: Madam Chairman, I want your attention, I have been waiting for last one hour since the moment I have been trying to with full respect draw your kind attention. This is not very fair that you are only looking on the left of your side. I have been very patiently waiting to be allowed a chance to speak. People were talking on points which were not so relevant on the agenda. The Bill is before the House and I am slightly disturbed and disappointed with the working because the work of legislation is far too serious than to be treated in such a slip shod manner and I came here with the hope that we will be debating and examining all pros and cons of every clause and sub-clause of the law....

(interruption)

Madam Deputy Chairman: Hasan A. Shaikh Sahib please keep sitting, he is already on a point of order.

Syed Iqbal Haider: I am only requesting that sufficient time be always granted to us to examine these laws. In a matter of three and a half hour, we have the privilege of passing nine Bills. Is that proper application of mind? In my opinion it is not. I would like that we should examine the Bills with minutest details. I thought that we are not supposed to be disturbed by each other. This was the decorum on the very first day but there is nobody else totell others about the decorum, it is upto us which we follow with full patience. Please allow me to finish because I noted with pain....

(interruption)

Madam Deputy Chairman: Just carry on.

Syed Iqbal Haider: I noted with pain that we are not just being heard properly. Nine Bills are bieng passed in just 3 hours that is also without any proper debate. It is a very crucial and serious issue. These Bills may have been given two days before but they came up for discussion only today. Two days for nine Bills in my opinion is not proper or sufficient time.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں آپ کو واضح کر دوں کہ نو نہیں چار بل پاس ہوئے ہیں اس کے دو حصے ہیں لیکن بل چار آئے ہیں۔

Syed Iqbal Haider: The Bills for Presidential Order 16 and 17 and four separate Bills were presented today.

Madam Deputy Chairman: Two Bills for that.

Syed Iqbal Haider: May be two. Right. Let us not dispute the trivial things. It may be 5, 7 or 9 but they are pieces of legislation, which require proper examination for their legislation. My humble submission is only for future. So, please let us know as to what is the schedule of our Senate in its next session well before time. I came from Karachi with an empty, blank mind that there is nothing to be done. When we come here we are given a list of documents that this is to be done tomorrow. Now this is too short a time. Rules do provide two days' time, but it will be taking undue advantage of that rule that not more than two. We are entitled in all fairness sufficient time of couple of weeks to examine the Bills. That is my main contention. On the point of census, Madam Chairperson, I may inform this House that the whole exercise of census has been

abandoned as far as in my province Sindh is concerned. It is a matter of most serious concern that the entire exercise of census has been ceased and no work is going to take place. It is a serious concern and a serious challenge. What are we going to do to comply with the requirement of the Constitution? The anarchy is prevailing in Sindh, the lawlessness is prevailing in Sindh. Will it be allowed to prevail to prevent the implementation of the Constitution? This is the most serious question as to how the census will be completed under the present anarchic complete lawless conditions in Sindh. That is the main reason that the census was stopped. Respected Chairperson, only because of the polarization and lawlessness in Sindh, and how would the worthy Minister ensure that the process of census would be implemented and completed and the requirements of the Constitution will be met in future. These are just a few amendments. We have to examine the whole Bill. This is a very serious matter as to how the census in Sindh will be complelted and the Constitution will be satisfied. Finally, I will only pray to please hear the opposition with due patience and also to please give us enough time to examine the Bills.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : قاضی حسین احمد صاحب -

قاضی حسین احمد : ڈپٹی چیئرمین صاحب - مجھے حق دیا گیا تھا کہ میں آخر میں اپنی بات کی کچھ وضاحت کر سکوں گا -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ فرمائیں جی -

قاضی حسین احمد : شکریہ، پہلے تو میں آپ سے یہ پوچھوں گا کہ ہم چیئرپرسن صاحبہ کہیں یا چیئرمین صاحبہ کہیں -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چیئرمین ہی کہیں - کلیئر ہی ہو جائے بات -

قاضی حسین احمد : محترمہ اپنے رفقاء کی باتیں سننے کے بعد کچھ وضاحت کرنا چاہتا ہوں - میں مناسب وقت سمجھتا ہوں کہ اسی موقع پر جبکہ census law امنڈ ہو رہا ہے - یہ بات یہاں پر بیان کی جائے گی - جناب وزیر خزانہ صاحب کی وضاحت کے بعد مجھے کچھ اطمینان ہو گیا ہے - اس صورتحال کی سنگینی ان کی نظر میں ہے اور ان کا ارادہ ہے کہ کچھ لوگوں یا کمیٹیوں کی میٹنگ کی جائے اور اس پر غور کیا جائے - اس کے بڑے دور رس نتائج ہوں گے - ہم پہلے ہی کہتے رہے ہیں کہ ہم ایک ملک میں رہتے ہیں اس لئے ایک قوم ہیں - ایک نیام میں جس طرح دو تلواریں نہیں جمع ہوسکتیں اس طرح ایک ملک میں پانچ قومیں جمع نہیں ہو سکتیں - نہ چار قومیں جمع ہو سکتی ہیں - ہم ایک قوم کی حیثیت سے ہیں -

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : وہ پہلے ہی پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں - اعجاز صاحب آپ تشریف رکھیں -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : وہ اپنی پارٹی کا موقف کا بیان کرنا چاہتے ہیں - اگر ان کو وقت دیا گیا ہے تو ہمیں بھی دیا جائے گا - یہ تو لمبی بات ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : اعجاز علی صاحب انہوں نے آپ کو disturb نہیں کیا تھا - آپ دو دفعہ بولے ہیں - جتوئی صاحب آپ تشریف رکھیں - آپ دو دفعہ بول چکے ہیں - جب وہ ختم کریں پھر آپ اپنا نقطۂ نظر پیش کر دیں - آپ بعد میں اپنی وضاحت کریں- جناب قاضی حسین احمد صاحب -

قاضی حسین احمد : میں پھر کہتا ہوں کہ ایک ملک میں ایک قوم ہی رہ سکتی ہے- اگر ہم پانچ قومیں بن کر رہیں گے ایک ملک کے اندر تو اس کا نتیجہ بھی نکلے گا -

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : مخدوم صاحب آپ تشریف رکھیئے - وہ ختم کر لیں پھر آپ اپنا نقطہ ء نظریہ پیش کریں - جناب قاضی حسین احمد صاحب -

قاضی حسین احمد : جناب چار صوبوں اور آئین سے کسی نے انکار نہیں کیا - لیکن آئین میں یہ بھی ہے کہ یہ ایک قوم ہے - چار صوبے انتظامی یونٹ ہیں - یہ پانچ بھی ہو سکتے یہ دس بھی ہوسکتے ہیں - یہ ایک بھی ہو سکتا ہے - یہ آئین میں بالکل واضح طور پر موجود ہے کہ ہم ایک قوم ہیں - اگر ایک قوم کی بجائے پانچ قومیتوں کے نظریے کو آگے بڑھایا جائے گا تو اس کے نتیجے میں یہ تبدیلیاں اور یہ مصیبتیں ہمارے گلے میں آ پڑیں گی اور اسی لئے میں نے ایوان کو متوجہ کیا ہے کہ ایک طرف وہاں پر سندھ میں competition دوسری طرف بلوچستان میں آبادی کا competition اس کے نتیجے میں دوصوبوں میں جب یہ آبادی flare up ہو گی اور اس کی بنیاد پر جب آپ خزانہ تقسیم کریں گے ، اس کی بنیاد پرقومی اسمبلی کی سیٹیں تقسیم کریں گے تو پھر کچھ دوسرے لوگوں کو اس کے نتیجے میں اعتراض کا موقع ملے گا کہ ہم تو ۱۷ فیصد تھے اب ہم ۸ فیصد رہ گئے ہیں - اب قومی اسمبلی میں بھی ہماری سیٹیں آٹھ ہوگئی ہیں - تو پھر یہ قوم اور پورا ملک ایک اور بحران سے دو چار ہوجائے گا - اس لئے یہاں پر بالکل غیر ضروری طور پر افغان مہاجرین کی بات اٹھائی گئی ہے - افغان مہاجرین یہاں انشاء اللہ نہیں رہیں گے - افغان مہاجرین کو اللہ تعالی نے بہت خوبصورت ملک دیا ہے - ایک وسیع ملک دیا ہے اور میں اپنے بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ وہ عزت کے ساتھ ، جس طرح آپ کی دلی خواہش ہے اسی سال وہ کابل میں داخل ہوں گے جس طرح خوست میں داخل ہوئے ہیں - آپ کے دل کی خواہش انشاء اللہ اسی سال پوری ہو گی ان کو اتنا وسیع ملک ملا ہے کہ اگر آپ ان کو کوئی ایک آدھ زنجیریں بھی پہنائیں گے تو وہ زنجیریں پہنانے کے باوجود یہاں نہیں رہیں گے ، اپنے ملک میں جائیں گے اور یہ جو ہمارے مندوخیل صاحب نے بات کی ہے - میں جب خوست جاتا ہوں تو مجھ پر اعتراض ہوتا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ہم (---- پشتو) اس کی تشریح اگر آپ کریں گے - اگر آپ (----- پشتو) ہیں تو میرے خوست جانے پر آپ کے لوگوں نے کیوں اعتراض کیا - میں یہ عرض کروں گا کہ ہم امت مسلمہ ہیں - اس امت مسلمہ کو استعمار نے تقسیم کیا ہے - استعمار نے ہمارے درمیان لکیریں کھینچی ہیں - استعمار ہمیں تعصبات کا شکار کرنا چاہتا ہے - استعمار ہمیں لڑوانا چاہتا ہے اور استعمار نے اپنے ارادے خفیہ نہیں رکھے - اس کے اپنے ارادے ہیں - اس لئے مہربانی کر کے ایک ہو کر ، مل کر سوچئے - اسی طریقے سے سب کو حقوق مل سکتے ہیں - اسی طریقے سے ہم ایک دوسرے بھائی سمجھ کر اس ملک میں رہ سکتے ہیں - ورنہ یہاں پر اور زیادہ مشکلات پیدا ہوں

گی - اس لئے میں اس وضاحت کے ساتھ اور وزیر خزانہ کی اس یقین دہانی کے ساتھ کہ یہ جو مسئلہ ہے اس کے تمام پہلو ان کے سامنے ہیں اور انہیں حل کرنے کا وہ ارادہ رکھتے ہیں۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ - اب جناب میں یہ بل پیش کرتی ہوں - اس پر کافی بحث ہو چکی ہے - اسے آج پاس کرنا ہے - وقت ختم ہورہا ہے - آپ تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ٹائم بالکل کم ہے - لوگوں نے نماز کے لئے جانا ہے اور یہ کام پھر ادھر ہی نامکمل رہ جائے گا -

جناب عبدالرحیم مندو خیل : قاضی صاحب اگر (دو کورہ پشتون) ہیں تو وہ جا سکتے ہیں - لیکن ایک آزاد ملک میں جارحیت کے لئے نہیں جا سکتے - امت ہم ہیں لیکن آج بھی آپ اگر سعودی عرب جائیں گے تو ویزہ آپ اگر سعودی عرب جائیں گے تو ویزہ لیں گے - دوسری جگہ آپ ویزہ لیں گے - کویت کا بھی تو آپ نے اسی لئے ساتھ دیا ہے - ہماری عرض یہ ہے کہ آپ بغیر ویزہ کے گئے ہیں اور آپ نے جارحیت کی ہے۔

قاضی حسین احمد : جناب والا! مجھ سے کسی نے ویزہ نہیں مانگا نہ پاسپورٹ مانگا۔ آپ کو کوئی آدمی وہاں مقرر کریں جو مجھ سے ویزا طلب کرے -

(مداخلت)

جناب عبدالرحیم مندوخیل : آپ نے خوست کے پچاس ہزار شہریوں کو لوٹا - پچاس ہزار گھروں کو آپ نے لوٹا اور لوٹ کا مال ساتھ لائے ہیں - آپ دو کورہ کی حیثیت سے جائیں لیکن لٹیروں کے ساتھ آپ گئے - چوروں کے ساتھ آپ گئے -

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : مندوخیل صاحب آپ چیئرمین کو مخاطب کریں -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : پوائنٹ آف آرڈر -

میڈم ڈپٹی چیئرمین : بہرہ ور سعید صاحب تشریف رکھیں -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میں عرض کروں گا کہ افغان مہاجرین نہ چور ہیں نہ ڈاکو ہیں نہ راہزن ہیں - یہ الفاظ غلط استعمال کئے گئے ہیں یہ حذف کئے جائیں - ان کو یہ کہنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا - یہ غلط بات ہے -

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : بہرہ ور سعید صاحب ، مندوخیل صاحب تشریف رکھیں - بڑے افسوس کی بات ہے - مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ پچھلے چھ سال سے سینیٹ میں کبھی اس طرح کا رویہ نہیں رہا جیسا اس وقت ہے - ہمیشہ چیئر کو ایڈریس کیا جاتا ہے اور بہرہ ور سعید صاحب آپ تو اس ایوان میں ہمیشہ رہے ہیں - آپ کے رویہ پر بھی مجھے اعتراض ہے - کیونکہ چھ سال سے آج تک اس ایوان میں اس طرح نہیں ہوا - جیسے آپ نے آج ایک دوسرے کوبراہ راست مخاطب کیا ہے - مجھے بڑے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے - میں کچھ بھی نہیں ہوں لیکن مجھے آپ جیسے بزرگوں سے یہ بات کہنی پڑتی ہے - بڑے افسوس کی بات ہے - اب آئٹم نمبر ۱۱ -

THE CENSUS AMENDMENT BILL, 1991

It has been moved by Mr. Sartaj Aziz, Minister for Finance and Economic Affairs:

> that the Bill further to amend the Census Ordinance, 1959 [The Census (Amendment) Bill, 1991], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Now, the question is:

that clause 2 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 2 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 3 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 3 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 4 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 4 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 5 do forms part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 5 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 6 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 6 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 7 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 7 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 8 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 8 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 9 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 9 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 10 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 10 forms part of the Bill. Now the question is:

that clause 1, Short title, and preamble do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: Clause 1 Short title, and preamble form part of the Bill. Yes Mr. Sartaj Aziz.

Mr. Sartaj Aziz: Madam Chairman I beg to move:
that the Bill further to amend the Census Ordinance, 1959 [The Census (Amendment) Bill, 1991], be passed.

Madam Deputy Chairman: It has been moved:
that the Bill further to amend the Census Ordinance, 1959 [The Census (Amendment) Bill, 1991], be passed.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: The Bill stands passed.

In exercise of the powers conferred by clause 1 of Article 54 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 11th April, 1991."

Sd/-

(GHULAM ISHAQ KHAN)
President of Pakistan

Thank you.

(The Senate prorogued Sine die)